ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

حسب فرمایش جناب منشی محمد فخر الدین و منشی محمد بشیر صاحب تاجران کتب فخر المطابع لکھنؤ

تذکرۃ الفقرا

١٩٠٦ع

سمی بہ

١٣٢٤ھ

سیر الصالحین

باہتمام کمترین انام مسکین محمد شمس الدین ابن جناب منشی محمد فخر الدین صاحب مالک و مہتمم مطبع

مطبع فخر المطابع واقع لکھنؤ میں طبع

Chec!

ہمارے کتبخانہ تجارت سے جملہ علوم و فنون کی کتابیں بنرخ ارزاں ۔ نقد و وی پی طلب ہوتی ہیں ۔ المشتہر محمد فخر الدین ۔ محمد بشیر تاجران کتب لکھنؤ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد و ثنا اوس غنی کو شایان ہے کہ جس نے حضرات عالی درجات فقرا کو عشق اپنا عطا کرکے باعث نجات ہم آلودگان لوث دنیا کا فرمایا اور درود نامعدود فخر المرسلین پر کہ اوس کو پیشواے جمیع اولیا و اوتاد و اقطاب کا کیا اور اوس قدوہ انبیا نے فقر کو غنا پر اختیار کیا جیسا کہ ارشاد فرمایا الفقر فخری یعنے فقر بزرگی میری ہے اور یہ بھی ارشاد فرمایا اللھم احینی مسکینا و امتنی مسکینا و احشرنی فی زمرۃ المساکین - یعنے بار خدایا زندہ رکھ مجھ کو مسکین اور موت دے تو مجھ کو مسکین اور اوٹھا تو مجھکو گروہ مساکین مین -

حضرت امام عبد اللہ یافعی فرماتے ہین کہ دو جملہ اول کے یعنے زندہ رکھ تو مجھکو مسکین اور موت دے تو مجھکو مسکین واسطے بشارت مسکینون کے کافی تھے چہ جاے اس بات کے کہ اوٹھا تو مجھکو بیچ گروہ مسکینون کے اس مین زیادہ از حد بشارت واسطے مسکینون کے پائی جاتی ہے بنظر ان امورات کے پیشوایان دین یعنے پیروان رسول رب العالمین نے فقر کو غنا پر ترجیح دیکر دستور العمل اپنا مقرر کیا بباعث چند در چند کے کہ تشریح اوسکی تطویل سے خالی نہین ہے بندہ احقر احمد اختر مقیم حال قصبہ کیرانہ ضلع مظفرنگر خلف اکبر حضرت میرزا شاہ محمد دارا بخت ولیعہد حضرت ابوظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ ثانی طیب اللہ مرقدہ نے چاہا کہ کچھ حال سلسلہ فقراے ہندوستان اشرف البنیان صاحب سلسلہ کا مختصر طور پر براے واسطے احباب کے بلا تعصب تحریر مین لاوے اور جو کچھ کہ عالم سیاحی مین مشاہدہ اس

ناکارہ خاندان آوارہ مین آیا اور سامعہ نے استفادہ اوٹھایا اوس کو کوشش تمام سے تصدیق کر کے تحریر مین لاکر نام اس مختصر کا تذکرۃ الفقرا رکھکر دو حصون مین تقسیم کیا ایک حصّہ مین فقرای اہل اسلام جنت مقام کا بیان ہے۔ اور دوسرے حصے مین فقرائے اہل ہنود صاحبان کا تذکرہ ہے امید ناظرین والاتمکین صداقت آگین سے یہ ہے کہ اس ذرہ احقر کو دعاء خیر سے محروم نرکھکر سہو وخطا جو کچھ کہ وقوع مین آوے اغماض فرماکر عین عطا سے معاف رکھین

والسلام علی من اتبع الہدے

جاننا چاہئے کہ اس حصہ مین فقرا اسلامیہ کا بیان ہے۔

وہ اس طرح پر ہے کہ اول خرقہ درویشی درگاہ رب العزت سے جناب سرور کائنات خلاصہ موجودات صلوات اللہ علیہ علی آلہ واصحابہ واہل بیتہ وسلم کو عنایت ہوا۔ حضرت نے وہ خرقہ شریف حضرت امیرالمومنین علی مرتضے کرم اللہ وجہہ کو دیکر دس صاحبونکو مرید اپنا فرمایا اُن سے راہ عرفان جاری ہوا وہ یہ ہین۔
حضرت ابوبکر صدیق حضرت عمر فاروق حضرت عثمان غنی حضرت علی حضرت طلحہ حضرت زبیر حضرت ابوعبیدہ بن الجراح حضرت سعد بن ابی وقاص حضرت سعید۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور موافق عقیدہ اہل سنت وجماعت کے یہ ہر دہ صاحب بہشتی ہین قطعی جیسا کہ مشہور ہین ۔

دہ یار بہشتی اند قطعی	بو بکر و عمر علی و عثمان
طلحہ است و زبیر بوعبیدہ	سعد است و سعید عبدرحمٰن

سلسلہ چار پیر اور ہفت گروہ اور چودہ خانوادون حضرت امیرالمومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ سے ہے۔ پس جناب امیرالمومنین نے ستر صاحبون کو خرقہ خلافت عطا فرمایا اون صاحبون سے چار پیر مقرر ہوئے اوّل پیر حضرت امام حسن رضی اللہ تعالی عنہ دوسرے پیر امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ تیسرے۔ پیر حضرت خواجہ کمیل بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ چوتھے۔ پیر حضرت خواجہ حسن بصری قدس اللہ سرہ العزیز اور نزدیک بعض مشائخین

کے اوّل پیر خواجہ حسنؒ بصری دوسرے خواجہ کمیلؒ بن زیاد تیسرے حضرت خواجہ اویسؒ قرنی چوتھے پیر۔ حضرت خواجہ حسن سری سقطی۔ اور نزدیک بعض کبار کے اوّل پیر۔ خواجہ حسن بصری دوسرے پیر۔ حضرت خواجہ کمیل بن زیاد تیسرے عبداللہ مکی چوتھے عبداللہ بحری۔

کیفیت ہفت گروہ اس طرح پر ہے

اور ہفت گروہ حضرت علی مرتضی شیر خدا سے جاری ہوئے

اوّل گروہ کمیلیہ۔ حضرت خواجہ کمیل بن زیاد سے جاری ہوا۔

دوسرا گروہ بصریہ۔ حضرت خواجہ حسن بصری سے۔

تیسرا گروہ اویسیہ۔ حضرت خواجہ اویس قرنی سے جاری ہوا۔

چوتھا گروہ قلندریہ۔ حضرت مدایونی قلندر سے۔

پانچوان گروہ سلمانیہ۔ حضرت سلمان فارسی سے جاری ہوا۔

چھٹا گروہ نقشبندیہ۔ حضرت قاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے۔

ساتوان گروہ سریہ۔ حضرت خواجہ حسن سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ سے جاری ہوا ان گروہ سے فقیر چار گروہ کے ہندوستان اشرف البنیان مین موجود ہین۔

باقی تین گروہ خرقہ پوش دیگر ممالک مین جاری ہین

کیفیت چودہ خانوادون کی یہ ہے

اگر حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے کئی خلیفہ کیے۔ ایک تو حضرت خواجہ عبدالواحد بن زید قدس اللہ سرہ دوسرے حضرت خواجہ حبیب عجمی قدس اللہ سرہ خواجہ عبدالواحد بن زید رحمۃ اللہ علیہ سے پانچ خانوادہ جاری ہوئے وہ عموماً چشت کہلاتے ہین یہ ہین۔ زیدیہ عیاضیہ۔ ادہمیہ۔ ہبیریہ۔ چشتیہ۔ اور نو خانوادہ خواجہ حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ سے جاری ہوئے۔ وہ عموماً قادریہ کہلاتے ہین۔ یہ ہین حبیبیہ۔ طیفوریہ۔ کرخیہ۔ سقطیہ۔ جنیدیہ۔ گاذرونیہ طوسیہ۔ فردوسیہ۔ سہروردیہ۔

سلسلہ خانوادہ چشت کا اس طرح پر ہے

اول خانوادہ زیدیہ۔ حضرت خواجہ عبدالواحد بن زید رحمۃ اللہ علیہ سے جاری ہوا کہ خلیفہ خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے تھے، ۲۷ صفر ۱۷۷ھ ہجری مین وفات پائی مرقد مبارک بصرہ مین ہے حضرت خواجہ کو استفادہ شیخ ابی غیاث منصور ابن عمر السلمی الکوفی رحمۃ اللہ علیہ سے اور حضرت امام حسن رحمۃ اللہ علیہ سے بھی تھا۔

دوسرا خانوادہ عیاضیہ۔ حضرت خواجہ فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ سے جاری ہوا کہ خلیفہ عبدالواحد بن زید کے تھے یکم ربیع الاول ۱۸۷ھ ہجری مین انتقال فرمایا مزار گہربار مکہ معظمہ مین ہے اور حضرت کو استفادہ شیخ ابی عمران موسی الراعی رحمۃ اللہ علیہ سے تھا اون کو ارادت خواجہ اویس قرنی قدس اللہ سرہ العزیز سے تھی۔

تیسرا خانوادہ ادہمیہ۔ حضرت خواجہ سلطان ابراہیم بن ادہم بلخی قدس اللہ سرہ العزیز سے جاری ہوا کہ خلیفہ خواجہ فضیل رحمۃ اللہ علیہ کے تھے ۲۶ جمادی الاول ۱۶۲ھ ہجری مین دنیاے دون سے سفر فرمایا مزار مقدس بغداد شریف مین ہے۔

چوتھا خانوادہ ہبیریہ۔ حضرت خواجہ ہبیرۃ البصری قدس اللہ سرہ سے جاری ہوا کہ خلیفہ حضرت خواجہ خدیفۃ المرعشی رحمۃ اللہ علیہ کے تھے اور خلیفہ خواجہ ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے ۷ شوال ۲۸۷ھ ہجری مین انتقال کیا حضرت کو استفادہ خواجہ جنید بغدادی سے بھی تھا۔

پانچوان خانوادہ چشتیہ۔ حضرت ابو اسحاق چشتی قدس اللہ سرہ سے جاری ہوا کہ خلیفہ حضرت مقتداے دودمان چشتیہ پیشواے خاندان قادریہ حضرت خواجہ ممشاد علو دینوری قدس اللہ سرہ العزیز کے تھے اور وہ خلیفہ خواجہ ہبیرۃ البصری رحمۃ اللہ علیہ کے ہوے ۱۴ ربیع الثانی ۳۲۹ھ ہجری مین وفات ہوئی۔ مزار پرانوار قصبہ چشت علاقہ ہرات مین ہے۔

سلسلہ خانوادون قادریہ کا اس طرح پر ہے

اوّل خانوادہ حبیبیہ۔ حضرت خواجہ حبیب عجمی قدس اللہ سرہ العزیز سے جاری ہوا کہ خلیفہ

خواجہ حسن بصری کے تھے ان حضرت نے کئی فقیر کیے یعنے خلیفہ **اوّل** خواجہ عقیق عرف خفیف
دوسرے حضرت خواجہ بایزید بسطامی عرف طیفور شامی **تیسرے** خواجہ داؤد طائی **چوتھے**
شیخ فتح اللہ گازرونی **پانچوین** شاہ عبداللہ بن عوف گازرونی - یہ سب صاحب حبیبیہ کہلاتے ہین
وفات خواجہ حبیب عجمی کی ۳ ربیع الاول ۱۵۶ھ ہجری مین ہوئی مرقد عجم مین ہے **دوسرا خانوادہ**
طیفوریہ - حضرت خواجہ بایزید بسطامی قدس اللہ سرہ سے جاری ہوا آپنے کئی خلیفہ کیے
ایک تو حضرت شیخ مسعود خرقہ شکر بار **دوسرے** ابراہیم خرقہ خشت بار اور **تیسرے**
شیخ محمود خرقہ ہزار میخی **چوتھے** شاہ عبداللہ مکی علم بردار **پانچوین** شاہ احمد خرقہ زند صوف یعنی
حضرت شاہ بدیع الدین قطب المدار قدس اللہ سرہ یہ سب حضرات طیفوریہ کہلاتے ہین - وفات
طیفور شامی کی ۱۴ شعبان ۲۶۱ھ ہجری مین ہوئی مزار پر انوار بسطام مین ہے -

تیسرا خانوادہ کرخیہ - حضرت خواجہ معروف کرخی قدس اللہ سرہ سے جاری ہوا کہ
خلیفہ خواجہ داؤد طائی کے تھے اور وہ خلیفہ حبیب عجمی کے ہوئے ان کے پیرو کرخیہ کہلاتے
ہین ۲ - محرم الحرام ۲۰۰ھ ہجری مین انتقال فرمایا -

چوتھا خانوادہ سقطیہ حضرت خواجہ حسن سری سقطی قدس اللہ سرہ سے جاری ہوا کہ خلیفہ
معروف کرخی کے تھے انھون نے تین خلیفہ کیے ایک شاہ محمود بے سلسلہ دوسرے خواجہ
سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی قدس سرہ تیسرے خواجہ ابوالحسن نوری یہ صاحب سقطیہ کہلاتے
ہین وفات خواجہ سری قدس اللہ سرہ سقطی کی ۳ ماہ رمضان المبارک ۲۵۳ھ ہجری مین ہوئی مزار
بغداد مین ہے - **پانچوان خانوادہ جنیدیہ** - حضرت خواجہ جنید بغدادی قدس اللہ سرہ سے
جاری ہوا کہ خلیفہ سری سقطی کے تھے آپنے بھی کئی خلیفہ کیے اوّل خواجہ خوجگان خواجہ ممشاد علو دینوری
قدس اللہ سرہ دوسرے خواجہ ابوبکر شبلی تیسرے شیخ علی رودباری چوتھے شاہ محمود پانچوین
عثمان مغربی بے سلسلہ چھٹے حضرت شاہ محی الدین منصور عرف حلاج بے سلسلہ ساتوین
شاہ دقاق بے سلسلہ آٹھوین شاہ رومی بے سلسلہ یہ سب صاحب جنیدیہ کہلاتے ہین
وفات خواجہ جنید کی ۲۷ رجب المرجب ۳۰۳ھ ہجری مین ہوئی مزار گہر بار بغداد شریف مین ہے
چھٹا خانوادہ گازرونیہ حضرت خواجہ ابواسحاق گازرونی سے جاری ہوا کہ خلیفہ جنید

بغدادی کے ہوے انھون نے تین خلیفہ کیے اوّل شیخ احمد کہ مقبول درگاہ مرشدی تھے دوسرے شیخ احمد یہ دونون صاحب بے سلسلہ رہے تیسرے خواجہ قطب الدین عبدالمجید یہ تینون صاحب گازرونیہ کھلاتے ہین وفات خواجہ ابواسحاق گازرونی کی ۴۲۶ھ ہجری مین ہوئی اور شاہ عبداللہ خفیف گازرونی کے جو خاص فقیر ہین وہ گازرونی کھلاتے ہین۔

ساتوان خانوادہ طوسیہ۔ حضرت خواجہ ابوالفرح طوسی قدس اللہ سرہ سے جاری ہوا کہ خلیفہ خواجہ عبدالواحد عزیز یمنی کے تھے اور وہ خلیفہ شیخ ابوبکر شبلی کے ہوے اور وہ خلیفہ خواجہ جنید بغدادی کے تھے پس حضرت خواجہ ابوالفرح طوسی نے حضرت شیخ ابوالحسن قریشی الہنگاری کو فقیر کیا اور اون سے شیخ ابوسعید مبارک مخزومی ہوے اون سے نعمت معرفت حضرت غوث ربانی محبوب حقانی پیران پیر دستگیر سید محی الدین عبدالقادر گیلانی قدس اللہ سرہ کو ملی یہ سب حضرات طوسیہ کھلاتے ہین۔ وفات خواجہ ابوالفرح کی ۴۷۱ھ ہجری مین ہوئی۔

آٹھوان خانوادہ فردوسیہ۔ حضرت شیخ نجیب الدین کبریٰ فردوسی قدس اللہ سرہ سے جاری ہوا کہ خلیفہ حضرت شیخ وجیہ الدین ابوحفص کے تھے اور وہ خلیفہ حضرت شیخ اسود احمد دینوری قدس اللہ سرہ کے تھے اور وہ خلیفہ حضرت شیخ ممشاد علو دینوری قدس سرہ کے تھے وفات شیخ ابونجیب کبریٰ فردوسی کی ۶۱۰ھ ہجری مین ہوئی۔

نوان خانوادہ سہروردیہ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی قدس اللہ سرہ سے جاری ہوا کہ خلیفہ شیخ ضیاء الدین کے تھے اور وہ خلیفہ شیخ ابونجیب عمر کے اور وہ خلیفہ خواجہ ممشاد علو دینوری کے اور وہ خلیفہ خواجہ جنید کے تھے۔

دوسرا سلسلہ انکا اس طرح پر ہے کہ شیخ شہاب الدین سہروردی خلیفہ حضرت پیران پیر کے اور وہ خلیفہ شیخ الاسلام شیخ ابوسعید مبارک مخزومی کے انھون نے بہت سے خلیفہ کیے جیسے صوفی حمیدالدین ناگواری اور حضرت شاہ ترکمان بیابانی دہلوی غوث بہاء الدین ذکریا ملتانی وغیرہ وفات حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی کی ۶۳۲ھ ہجری مین ہوئی مزار شریف بغداد مین ہے۔

بیان اُن گروہ کا کہ جو خانوادہ چشت سے نکلے ہین

اوّل گروہ خضرویہ۔ حضرت خواجہ احمد خضرویہ قدس اللہ سرہ العزیز سے جاری ہوا کہ وہ خلیفہ خواجہ حاتم الاصم قدس اللہ سرہ کے تھے اور وہ خلیفہ حضرت خواجہ شقیق بلخی قدس اللہ سرہ کے وہ خلیفہ خواجہ سلطان ابراہیم بن ادہم بلخی قدس اللہ سرہ کے وفات خواجہ احمد خضرویہ کی ۲۴۰ھ ہجری مین ہوئی۔

دوسرا گروہ چشتیہ۔ حضرت خواجہ ابواسحاق چشتی قدس اللہ سرہ سے لقب پایا اور ختم حضرت خواجہ بزرگ معین الدین حسن سنجری چشتی ہندالولی رحمۃ اللہ علیہ عطائی رسول تک ہوا وفات خواجہ ابواسحاق چشتی کی ۱۴ ربیع الثانی ۳۲۰ھ ہجری مین ہوئی مزار شہر علہ بلاد شام مین ہے اور سلسلہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کا اس طرح پر ہے کہ خواجہ بزرگ خلیفہ حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس اللہ سرہ کے اور وہ خلیفہ حضرت خواجہ مودود چشتی قدس اللہ سرہ کے اور وہ خلیفہ حضرت خواجہ ابویوسف چشتی قدس اللہ سرہ کے اور وہ خلیفہ ابومحمد ابدال چشتی قدس اللہ سرہ کے اور وہ خلیفہ خواجہ ابواحمد ابدال چشتی کے اور وہ خلیفہ حضرت خواجہ ابواسحاق چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے تھے وفات حضرت خواجہ بروز دوشنبہ ۶ رجب ۶۳۳ھ ہجری مین ہوئی مزار پر انوار اجمیر شریف مین ہے۔

تیسرا گروہ کرمانیہ۔ حضرت شاہ عبداللہ کرمانی قدس اللہ سرہ سے جاری ہوا کہ خلیفہ خواجہ بزرگ کے تھے ولایت بنگالہ ان ہی کو ملی تھی سن وفات نہین ملا۔

چوتھا گروہ کریمیہ حضرت پیر کریم سیلونی سے جاری ہوا کہ خلیفہ خواجہ بزرگ کے تھے ۶۳۳ھ ہجری مین وفات ہوئی

پانچوان گروہ صابریہ۔ حضرت مخدوم علاءالدین علی احمد صابر قدس اللہ سرہ سے جاری ہوا کہ خلیفہ حضرت شیخ الشیوخ عالم خواجہ فریدالدین گنجشکر قدس اللہ سرہ کے تھے اور وہ خلیفہ اعظم حضرت قطب الاقطاب خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اوشی دہلوی کے اور وہ خلیفہ اعظم حضرت خواجہ بزرگ معین الدین چشتی کے ہوے وفات خواجہ علی احمد صابر قدس سرہ کے ۱۳ ربیع الاول ۶۹۰ھ ہجری مین ہوئی مزار پیران کلیر شریف مین ہے اس گروہ مین پیرجی سید عبداللہ دہلوی اور شاہزادہ مرزا قائم الملک چشتی صابری نبیسہ حضرت جدامجد ابوظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ

له در ملفوظ حضرت مخدوم نصیر الدین چراغ دہلی موضع ہراوان نواح بغداد آمدہ است واللہ اعلم ۱۲ منہ

بادشاہ طیب اللہ تربتہ کامل وقت اور صاحب سلسلہ اور مشہور فقیر ہین مرید حافظ محمد حسین صاحب
عرف حافظ بانجے کے اور وہ مرید حضرت موسی مانک پوری کے اور وہ مرید حضرت سید اعظم
روپڑی کے وہ مرید سید محمد عالم کے اور وہ مرید حضرت سید میران بھیک قدس سرہ کے وہ مرید
حضرت شاہ ابو المعالی کے وہ مرید حضرت شیخ داؤد گنگوہی کے وہ مرید حضرت شیخ محمد صادق
گنگوہی کے وہ مرید حضرت شاہ ابو سعید قدس سرہ کے وہ مرید حضرت شیخ نظام الدین بلخی قدس
سرہ کے وہ مرید حضرت شیخ محمد تھانیسری کے اور وہ مرید حضرت خواجہ عبد القدوس گنگوہی قدس
سرہ کے اور وہ مرید حضرت شیخ محمد عارف ردولوی کے وہ مرید حضرت خواجہ شیخ احمد عبد الحق رودولوی
قدس سرہ کے وہ مرید حضرت مخدوم جلال الدین کبیر الاولیا پانی پتی قدس سرہ کے وہ مرید حضرت
علی احمد صابر قدس سرہ کے اور سید عبد اللہ دہلوی کا سلسلہ خواجہ ابو سعید جی سے اسی طرح ملتا ہی
کہ پیر جی سید عبد اللہ مرید و فرزند حضرت صابر علیشاہ دہلوی کے وہ مرید حضرت شیخ محمد دہلوی کے
وہ مرید حضرت شیخ محمد رام پوری قدس سرہ کے وہ مرید حضرت شیخ ابو سعید چشتی قدس سرہ کے

ساتوان گروہ قلندریہ۔ حضرت شرف الدین بو علی قلندر پانی پتی قدس سرہ سے
جاری ہوا کہ خلیفہ حضرت شیخ شہاب الدین عاشق خدا تھے اور وہ خلیفہ حضرت شیخ امام الدین
ابدال کے وہ خلیفہ حضرت بدر الدین غزنوی کے وہ خلیفہ حضرت قطب الاقطاب خواجہ
قطب الدین بختیار کاکی کے وفات حضرت قلندر صاحب کی ۱۳ رمضان ۷۲۴ھ ہجری
مین ہوئی مزار آبادی پانی پت مین ہے۔

آٹھوان گروہ نظامیہ۔ حضرت محبوب الٰہی خواجہ سلطان المشائخ نظام الدین اولیا زری زر
بخش دہلوی قدس سرہ سے جاری ہوا کہ خلیفہ سجادہ نشین حضرت شیخ فرید الدین گنج
شکر قدس سرہ کے تھے ۱۸ ربیع الآخر بروز چارشنبہ ۷۲۵ھ ہجری مین وفات پائی مرقد
قدس نواح شاہجہان آباد مین مشہور ہے درگاہ قدس نظام الدین اولیاء۔

نوان گروہ مخدومیہ۔ حضرت مخدوم جلال الدین کبیر الاولیا پانی پتی سے جاری ہوا کہ خلیفہ
اعظم حضرت مخدوم شمس الدین ترک پانی پتی کے تھے اور وہ خلیفہ حضرت مخدوم علی احمد صابر
قدس سرہ کے آپنے بیس خلیفہ کئے اونمین سے ایک تو حضرت شیخ احمد عبد الحق توشہ ردولوی

قدس سرہ دوسرے حضرت شیخ بہرام سید ولوی کہ ہزارون مجنون اور سحر آلودہ آستانہ شریف پر
حاضر ہوکر صحت پاتے ہین تیسرے حضرت خواجہ عبد القادر کہ فرزند کلان بھی حضرت کے تھے
اور روبرو والد اپنے کے انتقال فرما گئے تھے مزار اون کا قصبہ پانی پت مین مشہور محل انصاریان
متصل مزار والدہ شریفہ کے واقع ہے ۔ باقی بسبب طوالت اس مختصر کے حالات اور خلفاء
سے اس جگہ قاصر رہا مگر اسوقت مین بھی حضرت کی اولاد سے چند صاحب ایسے موجود ہین کہ گویا اپکی
کرامات کا نمونہ باقی ہے یعنی اولاد خواجہ عبد القادر فرزند اکبر حضرت سے سراج الفقرا افضل العلما
افتخار الفضلا ہند منظور بارگاہ اہل اللہ مخدومنا و مولانا مولوی رحمت اللہ[1] صاحب کیرانوی کہ جو
آج ہفت اقلیم مین مشہور ہین اور مکہ معظمہ مین بمحلہ خندریسہ مدرسہ و رباط بصرف زر کثیر تعمیر کرا کے علماء و
فقرا ملازم رکھکر بذات ستودہ صفات خود بھی اشاعت علوم دین مین مصروف ہین اور عرصہ بیس سال کا گذرا
حسب الطلب سلطان عبد العزیز خان شہید مغفور استنبول تشریف لیگئے تھے بعد قیام سہ سال عذر
ضعیفی اپنی کا کرکے بیت اللہ شریف مین چلے آئے تھے اب عرصہ دو سال کا گذرتا ہے کہ پھر حسب طلب
حضرت سلطان المعظم عبد المجید خان خلد اللہ ملکہ کے استنبول تشریف لے گئے تھے بعد قیام چند ماہ پھر
تشریف مکہ معظمہ مین لے آئے اور کتاب ازالۃ الاوہام مصنفہ آنجناب کہ ترجمہ اسکا بعربی مشہور باظہار الحق
ہے چند مرتبہ عربی اور ترکی مین بمقام مصر بقالب طبع آئی اطراف عالم مین مشہور ہے اللہ تعالے
اوس ذات بابرکات کو ابد الآباد رکھے اور اس ذرہ صغر کو پھر اونکی زیارت سے مشرف فرماوے
سلسلہ نسب آپکا حضرت مخدوم جلال الدین کبیر الاولیا پانی پتی سے اس طرح ملتا ہے مولوی رحمۃ اللہ
صاحب سلمہ اللہ تعالی خلف مولوی خلیل الرحمن ابن پیرجی شیخ نجیب اللہ ولد پیرجی شیخ حبیب اللہ
ولد شیخ عبد الرحیم ولد پیرجی شیخ قطب الدین ابن پیرجی شیخ فضیل ابن پیرجی دیوان عبد الرحیم ولد
پیرجی عبد الکریم المخاطب بحکیم بینا کہ معالج جد امجد حضرت جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے تھے ابن حکیم
شیخ حسن ابن خواجہ عبد الصمد ابن خواجہ بو علی ابن خواجہ یوسف بن حضرت خواجہ عبد القادر قدس
سرہ ابن حضرت مخدوم جلال الدین کبیر الاولیا دوسرے پیرجی امام الدین صاحب کہ نہایت
حسین اور خلیق اور تنہائی پسند اور بابرکت آدمی ہین نستعلیق عمدہ لکھتے ہین چنانچہ تین کتابین انکی
تحریر کی ہوئی فقیر کے پاس موجود ہین ایک تو مطب میر حسن دہلوی دوسری شفاء العلیل تیسری تکملہ

[1] افسوس حضرت کا بھی وصال ہوا مدفن مکہ مکرمہ ۱۲

ہندی اور سلسلہ نسبی ان کا بھی مخدوم صاحب سے اس طرح ملتا ہے یعنے پیر جی امام الدین ولد پیر جی عین الدین ابن پیر جی شیخ معین الدین ابن شیخ غلام محی الدین ابن حکیم شیخ وجیہ الدین کہ طبیب حاذق اور میرے جد بزرگ حضرت عالمگیر ثانی بادشاہ کے معالج تھے ابن حکیم شیخ امام الدین ابن حکیم شیخ نجم الدین ابن پیر جی شیخ قطب الدین مسبوق الذکر اور وفات حضرت مخدوم جی کی ۱۳ ربیع الاول ۱۲۶۵ھ ہجری مین ہوئی مزار آبادی پانی پت مین واقع ہے باقی حالات دیگر صاحبزادگان کا بجہت اختصار تحریر مین نہ آیا۔ سلسلہ نسبی آپ کا مخدومیہ اور سلسلہ خلفائی مخدومیہ صابریہ مشہور ہے حضرت مخدوم جی کے معتقدان اور مریدان کیرانہ سے حضرت سید غریب اللہ شاہ کہ ہم زمانہ حضرت جد امجد اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ تھے بڑے باکمال گذرے ہین اور آپ کی اولاد سے اسوقت جو آپ کے سجادہ نشین ہین یعنے سید کبیر علی صاحب نیک بخت اور تہجد گذار ہین سلسلہ اون کا شجرہ صابرہ غفرہ سے معلوم ہو جائیگا مزار آپ کا بیچ آبادی قصبہ کیرانہ کے واقع ہے۔

دسوان گروہ حسامیہ - حضرت مخدوم حسام الدین مانک پوری سے جاری ہوا۔ کہ خلیفہ شیخ نور الدین قطب عالم کے تھے اور وہ خلیفہ حضرت شیخ علاء الدین بنگالے کے اور وہ خلیفہ حضرت سراج الدین عثمان ملقب بہ اخی سراج قدس سرہ کے اور وہ خلیفہ حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیا قدس سرہ کے وفات حضرت کی ۸۵۳ھ ہجری مین ہوئی۔

گیارھوان گروہ نظام شاہی - حضرت شیخ نظام الدین شاہ پوری قدس سرہ سے جاری ہوا کہ شیخ خاتون چشتی قدس سرہ کے تھے اور وہ خلیفہ حضرت خواجہ حسین ناگوری کے وہ خلیفہ حضرت شیخ اسماعیل کے وفات حضرت نظام الدین نارنولی ۹۹۹ھ ہجری مین ہوئی مزار نارنول مین ہے اس گروہ کے فقیر چونکہ شاہی بھی کہلاتے ہین شاہ چو کہ مرید حضرت شیخ نظام الدین نارنولی کے تھے اور قوم سے چرکاوت میواتی تھے۔ ان کا مزار ملک میوات مین موجود ہے بندہ بھی زیارت سے مشرف ہوا ہے

بارھوان گروہ قلندر شاہی - حضرت عزیز مکی سے جاری ہوا۔ کہ خلیفہ حضرت خضر رومی کے تھے وہ خلیفہ حضرت شاہ قطب الدین بینا دلی کے وہ خلیفہ حضرت شیخ عبد السلام کے وہ خلیفہ حضرت خواجہ عبد القدوس گنگوہی کے قدس سرہ سن وفات نہین ملا۔

تیرھوان گروہ جلیلیہ۔ حضرت پیر جلیل سے جاری ہوا مزار ان کا درمیان لکھنؤ کے واقع ہے اور نہایت بزرگ تھے اس گروہ کے فقیر ملک اودہ مین اکثر ملاقی ہوئے اور سلسلہ بھی ملا مگر بعد مین وہ تلف ہوگیا اور ۳۲ سنہ ہجری مین انتقال فرمایا۔

چودھوان گروہ حمزہ شاہی۔ حضرت شیخ حمزہ سے جاری ہوا کہ اولاد سے حضرت شیخ بہاء الدین ذکریا ملتانی قدس سرہ کے تھے اور مرید محمد گیسو دراز بندہ نواز قدس سرہ کے تھے اور وہ خلیفہ اعظم دیار ہمدم حضرت سراج السالکین عمدة العارفین شیخ نصیر الدین چراغ دہلی کے اور وہ خلیفہ حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیا کے وفات شیخ حمزہ کی ۸۹۵ سنہ ہجری مین ہوئی اور حال شیخ حمزہ صحیح کچھ معلوم نہین ہوا مختلف بیان سے تسکین نہین ہوئی۔

پندرھوان گروہ فخریہ۔ سرچشمہ صلی خلاصہ الفضلاء فخر الفقراء عاشق رب العالمین حضرت مولانا و مرشدنا مولوی محمد فخر الدین فخر جہان چشتی نظامی والقادری والسہروردی شاہجہان آبادی قدس اللہ اسرارہم سے جاری ہوا۔ کہ حضرت عظام مشائخ وکبرائے خلفائے حضرت خواجہ مولانا نظام الدین اورنگ آبادی والد ماجد اپنے کے تھے اور سلسلہ نسبی حضرت کا از طرف پدر بزرگوار حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی قدس سرہ سے ملتا ہے اور سلسلہ از طرف مادر مہربان حضرت سید السادات سید محمد گیسو دراز قدس سرہ تک پہونچتا ہے ولادت باسعادت حضرت کی ۱۱۲۶ سنہ ہجری مین بمقام اورنگ آباد ہوئی جس وقت حضرت تولد ہوئے ہین حضرت شیخ کلیم اللہ جہان آبادی قدس سرہ دادے پیر حضرت کے ہین تشریف رکھتے تھے مولانا نظام الدین والد حضرت کے حضرت کو لیکر شیخ کی خدمت مین آئے شیخ نے حضرت مولانا کو گود مبارک مین لیکر مولانا فخر الدین نام رکھا یعنے حضرت کے لیے اول لفظ (مولانا) شیخ کلیم اللہ نے فرمایا اور اپنے ملبوس خاص سے پیرہن واسطے حضرت کے تیار کر کے زیب کرایا غرض کہ جب عمر شریف حضرت مولانا فخر الدین کی سات برس کی ہوئی تو آپ نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب مین دیکھا کہ پانچ دانہ قہوہ مجھے عنایت کئے جب حضرت بیدار ہوئے تو پانچ دانہ قہوہ دست مبارک مین پائے صبح کیوقت حضرت مولانا نظام الدین والد حضرت کے لیے ازراہ کشف معلوم کرکے تشریف لاکر فرمایا کہ اے فرزند عطیہ رسول مقبول تمہا کھا

اور باپ کو اوس سے محروم رکھنا نہ چاہیے پس حضرت نے دو دانہ تو اون مین سے نوش کر لیے تھے باقی ماندہ تین دانہ والد اپنے کے آگے پیش کیے جب عمر شریف سولہ برس کی ہوئی علوم ظاہری سے انفراغ ہوا اس عرصہ مین انکے والد کا انتقال ہوا آٹھہ برس تک ریاضت اور عبادت شاقہ مین مصروف رہے اور بعمر پچیس سال رونق افروز دہلی ہوے اور درس تدریس ظاہری اور باطنی مین مشغول ہوے بعد چندے پا پیادہ بہمراہی حضرت شیخ نور محمد بہیل قدس سرہ اور میر کلو اور خوشحال غلام پانی پت آے زیارت مزارات سے مشرف ہو کر لاہور تشریف لے گئے اور میر محرم علی نقشبندی سے ملاقات کر کے چندے اوپر مزار حضرت مخدوم گنج بخش ہجویری قدس سرہ کے معتکف رہے اور فیض حاصل کیا۔ اور اوپر جملہ مزارات لاہور خصوص حضرت میان میر کے کہ مرشد حضرت دارا شکوہ قادری کے تھے فاتحہ پڑھکر دہلی تشریف لاے اور حضرت اکبر بادشاہ اور حضرت ابو ظفر بہادر شاہ کہ اوس وقت مین ولیعہد تھے اور دیگر شہزادگان و امرایان کو مرید کیا اور تاریخ ہفتم جمادی الثانی ۱۲۹۹ ہجری مین مقام شاہ جہان آباد مین وفات پائی مزار گہربار متصل دروازہ مجرا ستا فیض نشانہ حضرت قطب الاقطاب خواجہ بختیار کاکی قدس سرہ بیچ قصبہ مہرولی متصل شاہجہان آباد کے واقع ہے۔

فضائل حضرت کو دیکھنے سے مناقب الفخریہ سے کہ جو تالیف نواب نظام حیدر آباد دکن کی ہے اور دیگر کتب مطولہ سے معلوم ہو سکتے ہین مگر ایک نقل کہ مین نے اپنے بزرگون سے سنی ہے اور کسی کتاب مین نہین دیکھی تبرکًا تحریر کرتا ہون۔

نقل کرتے ہین۔ کہ ایک صاحب رؤساء دہلی سے کہ باعلم باشرع تھے حضرت سے بیعت ہوے مگر بوجہ سلع کے اون سے عقائد مین فرق پایا ایک وزرئیس پالکی مین سوار ہو کر بخدمت حضرت سید ظفر علیشاہ کہ پہاڑ گنج مین رہتے تھے اور مشہور وقت تھے آے یہ حضرت مرتبہ ابدالیت رکھتے تھے غرضکہ اثناء گفتگو مین لفظ شکایت مولانا کا وہ زبان پر لائے سید صاحب کو ناگوار گذرا رئیس صاحب سے ارشاد کیا کہ تھوڑا پانی لاؤ حسب الارشاد وہ ایک لوٹہ مین پانی لاے سید صاحب نے اوس پانی سے کلی کر کے فرمایا۔ کہ اسے دیکھو رئیس نے اوسے دیکھا اور چپ ہو رہے غرضکہ دوسری کلی پر چپ ہوئے اور تیسری کلی پر بیہوش ہو کر تڑپنے لگے

پس ملازمان رئیس صاحب اپنے آقا کو اوسی حالت مین پالکی مین ڈال کر مکان پر لائے
تین روز تک وہی بیہوشی رہے چوتھے روز اون کے لواحق اونہین حضرت مولانا کی خدمت
مین لائے اور عرض کیا کہ یہ آپ کے مرید ہین آپ ہی سے انکا علاج ہوگا حضرت نے ارشاد فرمایا کہ
سید ظفر علیشاہ کہ آج جنید وقت اور ہندوستان کے اہل خدمت ہین دن ہی کے مکان پر یہ
وقوعہ گذرا ہے وہی کچھ چارہ کرین گے غرضکہ بموجب ارشاد والا رئیس صاحب کو میان سید ظفر علیشاہ
قدس سرہ کے مکان پر لائے آپنے بنظر الطاف اونہین دیکھا اوسی وقت وہ تو صحت یاب ہوکر پیانسے
چلے آئے اور بعد تھوڑے عرصے کے حضرت مولانا سید صاحب کے پاس آئے اور کیفیت اوس
شخص کی دریافت کی سید صاحب نے ہنسکر کہا کہ کیا تم پوچھتے مجھسے ہو وقت رخصت کے سید صاحب نے
مصافحہ کو ہاتھ بڑہایا اور کہا کہ بندہ تو دار فانی سے رخصت ہوتا ہے اپنی امانت لے لیجیے
بس حضرت مولانا تو بامراد مکان مسکونہ بمقام شیش محل تشریف لائے اور سید صاحب
نے اوسی شب کو انتقال فرمایا مزار سید صاحب کا پہاڑگنج مین مشہور ہے۔

ذکر حضرت مولانا و مرشدنا سید عماد الدین عرف میر محمدی دہلوی قدس سرہ
کہ سادات و رؤسا، ذوی الاحتشام و علماء عالی مقام دہلی سے تھے عالم شباب مین حضرت
مولانا فخر الدین فخر جہان سے بیعت ہوے اور خرقہ خلافت حاصل کیا اور تکمیل کرانے علم
الٰہی کے اوپر شاہزادگان والاشان و دیگر مریدان و معتقدان حضرت پیر و مرشد
اپنے کے مقرر ہوے چنانچہ جد فقیر نے بھی حضرت سے اکتساب علم معرفت کیا تھا اور بہت سے
شاہزادہ اور امرائے سلطانی بیعت مین آے تھے اور بعضون نے خرقہ خلافت بھی حاصل
کیا جیسے میرے پیر مرشد برحق حضرت مرزا روشن بخت قدس سرہ اور میرے والد اور مرزا فرخندہ
بخت شاہ و شاہزادہ سلیم براد رشاہ وفات حضرت کی ۱۲۲۲ہجری مین ہوئی مزار گہر بار درمیان
شاہجہان آباد کے متصل چتلی قبر کے واقع ہے تا ایام غدر حضرت ظل سبحانی عرس شریف مین
حاضر ہوتے تھے یہ فقیر بھی ایک دو مرتبہ ہمرکاب حاضر عرس شریف ہوا ہے حضرت کو
نعمت اپنے ماموں صاحب سید فتح علی شاہ دہلوی قلاوری سے بھی پہونچی تھی مزار سید
فتحعلی شاہ کا بمقام پہاڑی اندرون شاہجہان آباد کی زیارت گاہ خواص و عوام ہے

ذکر حضرت مولانا خواجہ نور محمد مہاروی چشتی فخری۔ کہ حضرت خلفاء اعظم مجلس ہمدم حضرت مولانا محمد فخرالدین قدس سرہ کے تھے اوصاف حمیدہ حضرت کے مشہور ہین بارہا میرے جدامجد بھی بیان کرتے تھے ایک روز فرمایا کہ ایک وقت بہت سے مریدان ومعتقدان حضرت مولانا محمد فخرالدین قدس سرہ کے خدمت بابرکت مین حاضر تھے اور مین بھی اوس وقت موجود تھا کہ اثناء گفتگو مین حضرت خواجہ محمد قدس سرہ کا بھی ذکر آگیا حضرت مولانا نے ارشاد فرمایا کہ میرے پاس ایک روٹی تھی اُس مین سے آدہی تو نور محمد پنجابی لیگیا اور باقی آدہی مین سے ٹکرا ٹکرا تمہارا اس کا حق ہے اور میر محمدی نے اپنی کمائی بھی بہت کچھ جمع کرلی ہے اور میری کمائی مین جو کچھ اوکا حصہ تھا وہ پہلے ہی لے چلے استغنائی کے ساتھ ایام گذاری کرتے ہین وفات حضرت مولانا نور محمد قدس سرہ کے ۱۲۰۵ ہجری مین ہوئی مزار موضع تاج سرور مہاران مین ہے مولانا نور محمد صاحب سے دس صاحبونکو خرقہ خلافت پہونچا اوّل حضرت قاضی محمد عاقل صاحب دوم حضرت شاہ سلیمان صاحب تونسوی سوم خواجہ نور محمد ناروو الی چہارم خواجہ حافظ جمال ملتانی وحافظ غلام حسین صاحب ومولوی مسعود مہانگے والے وحافظ غلام کبیری والے وحافظ غلام ناصر پیش امام وسید عارف شاہ پاکپٹنی وشیخ جمال محمد چشتی۔

ذکر حضرت مولانا خواجہ محمد سلیمان چشتی فخری نظامی قدس سرہ جاے مولد حضرت کا موضع گرگوجی ہے۔ آپنے بمقام مٹھن کوٹ مدرسہ حضرت قاضی محمد عاقل مین تحصیل علم ظاہری کیا تھا اور ایام طالب علمی مین حضرت خواجہ مولانا نور محمد قدس سرہ سے بیعت ہوئے اور چند سال بحضور پیر مرشد بکر علم معرفت کی تکمیل کے بعد عطاے خرقہ خلافت حسب الارشاد پیر روشنضمیر بمقام تونسہ شریف مقام فرماکر ہدایت خلق اللہ مین مصروف ہوے بہت سے اشخاص کو خرقہ خلافت عطا فرمایا۔ اونمین سے ایک تو شیخ محمد یار کہ فرید عصر تھے دوسرے حافظ محمد علی خیرآبادی۔ تیسرے مولوی محمد علی کہ بمقام مکدہ تشریف رکہتے تھے اور میان عبداللہ شاہ وغیرہ پس بعدہ واسطے زیارت مزارات حضرت مقتداے دودمان چشتیہ خصوص واسطے زیارت مزار پرانوار حضرت مولانا محمد فخرالدین قدس سرہ کے شاہجہان آباد مین تشریف لاے۔ فقیر کے جدامجد حضرت ابو ظفر سے ملاقات ہوئی اور بعد از زیارت مزارات وحصول استفادہ روح پاک

حضرت مولانا سرورکے بوطن مالوف بمقام تونسہ شریف مراجعت فرمائی بعد از چندے بتاریخ ہفتم صفر روز پنجشنبہ ۱۲۶۷ھ ہجری بعمر یکصد سال اس دار ناپائدار سے سفر فرمایا بعد حضرت کے نبیرۂ حضرت یعنے حضرت شاہ اللہ بخش صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ زینت بخش مسند طریقت ہوئے اللہ تعالیٰ ان بزرگوار کو ہمیشہ سلامت باکرامت رکھے اس آخری وقت مین ذات ستودہ صفات بھی گویا مولانا کی کرامات کا نمونہ ہے۔

ذکر حضرت سید شاہ نیاز احمد چشتی فخری بریلوی قدس اللہ اسرارہم

کہ اعظم اولیاء متاخرین وکبراء خلفاء رسخین حضرت مولانا محمد فخر الدین کے تھے انکے والد کا نام سید حاجی حکیم شاہ رحمت سرہندی ہے آپ سرہند مین پیدا ہوئے اور بعد سن تمیز کے آپکی والدہ نے آپ کو حضرت مولانا محمد فخر الدین کے سپرد کیا حضرت نے بکمال شفقت اور کوشش علوم ظاہری اور باطنی سے انکو آراستہ کیا بعمر تیس برس حضرت مولانا سے بیعت ہوئی اور بعد کوشش چند سال کے علوم باطنی سے فائز ہوئے اور بعد عطائے خرقہ خلافت پیشگاہ حضرت مولانا سے مامور بخطۂ بریلی ہوئے اور ہدایت خلق اللہ مین مشغول ہوئے ذات بابرکات سے ایک فیض عام جاری ہوا اور بہت سے صاحبونکو خرقہ خلافت عطا کیا۔ جیسے مولانا نظام الدین فرزند اکبر وسجادہ نشین حضرت اور مولانا نصیر الدین صاحبزادہ حضرت اور مولوی محمد عبدالسمیع اور مسکین شاہ دہلوی اور آغا جان صاحب اکبر آبادی اور دوسرے آغا صاحب ولادت حضرت کی ۱۱۴۵ھ ہجری مین ہوئی اور وفات ۶ جمادی الثانی ۱۲۵۰ھ ہجری مین ہوئی مزار بانس بریلی مین ہے

ذکر حضرت مولانا شاہ غلام فرید صاحب چشتی فخری مرشد نواب بہاولپور
ومرزا محمود شاہ جامع سلاسل فخریہ سلمہ اللہ تعالے

یہ صاحب بھی خاندان فخریہ مین غنیمت ہین ذات بابرکات سے فیض عام جاری ہے بجان اللہ اخراجات حسنات آپ کے زبان زد خاص وعام ہے سچ ہے کہ سخاوت جزو اعظم فقر ہے اور کیون نہون آخر تو حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیاء زری زر بخش کے سلسلہ مین ہین سلسلہ حضرت کا اس طرح پر ہے کہ حضرت مولانا شاہ غلام فرید صاحب خلیفۂ اعظم

حضرت شاہ غلام فخر الدین مہرور پیر اور کلان اپنے کے وہ خلیفہ اکبر خواجہ خدا بخش علیہ الرحمۃ کے اور وہ خلیفہ اکمل حضرت شریعت پناہ قاضی محمد عاقل قدس سرہ کے وہ خلیفہ رشید حضرت مولانا نور محمد بہبل قدس سرہ کے اور وہ خلیفہ وہمدم حضرت مولانا محمد فخر الدین فخر جہان دہلوی قدس سرہ کے ۱۲۹۲ھ ہجری مین حضرت واسطے زیارات مزارات دہلی بتقریب عرس حضرت سلطان المشائخ جب دہلی تشریف لاے تو ہزارون اشخاص دولتِ دینی و دنیا سے بہرہ مند ہوے اور ولادت باسعادت حضرت کی بماہ ذیقعد ۱۲۱۱ھ ہجری بمقام چاچڑان شریف وقوع مین آئی۔

ذکر پیر و مرشد راقم حضرت مرزا روشن بخت گورگانی چشتی فخری قدس اللہ سرہ

حضرت طفولیت ہی سے عابد اور پابند شریعت تھے جب سن بلوغ کو پہونچے تو حضرت مولانا عماد الدین میر محمدی دہلوی قدس سرہ سے بیعت ہو کر بائیس برس کی عمر مین خرقہ خلافت حاصل کیا اور غنا کو ترک کر کے فقر اختیار کیا۔ اور عمر عزیز کو یاد الٰہی مین ساتھ پابندی سنت نبوی کے بسر فرمایا ۱۲۸۱ھ بمقام فرید آباد نواح دہلی مین انتقال فرمایا ذات بابرکات سے صدہا آدمی فیضیاب ہوے اور خلفاء حضرت سے جن صاحبون کے نام کہ فقیر کو یاد ہین شجرہ راقم مین تحریر ہون گے قائم بوجہ انقلاب زمانہ وقت انتقال حضرت کے فقیر موجود نتھا۔ مگر بعد از چندی مینے اور دیگر صاحبان معتقدان نے مزار شریف کا حال دریافت کیا تو باشندگان قصبہ ہذا نے وفات ہونا فرید آباد مین اور دفن کرنا املی والے تکیہ مین بیان کیا اور نشان مزار شریف کہا کہ ہم بھول گئے کہ کس املی کے نیچے دفن کیا تھا غرض جس کسی سے دریافت کیا اوس نے یہی بیان کیا۔ بلکہ تکیہ دار فقیر نے بھی اُسی قول کی تائید کی میرے نزدیک حضرت نے تمام عمر مین کوئی امر خلاف شریعت نہین کیا۔ اور اُسوقت مین جہال مزارات بزرگان پر جا کر وہ وہ امر کرتے ہین کہ جو خلاف شریعت ہین۔ کیا عجب ہے کہ خداوند کریم نے نشان مزار حضرت کا اپنے بندون کے دل سے محو کر دیا ہو نقل میان فیروز شاہ خلف شاہزادہ مرزا سلیم مغفور ناقل ہین کہ ایک مرتبہ ناظر قلعہ معلی نے بحضور شاہ عرض کیا کہ دربانان دروازہ دہلی قلعہ معلی نے بیان کیا کہ جسوقت ہم دروازہ کھولتے ہین مرزا روشن بخت کو باہر دروازے کے کھڑا پاتے ہین۔ احتیاطاً اطلاع کرتے ہین۔ جناب قدس

فدوی سمجھا۔ کہ شب کو مرزا روشن بخت شہر مین رہا کرتے ہین اور علی الصباح آجاتے ہین اس امر کا فدوی کو خیال ہوا۔ اور دو خواجہ سرا واسطے تفحص حال کے پوشیدہ طور پر مرزا صاحب کے مکان پر متعین کیے کہ دیکھین یہ کیا ماجرا ہے غرض شب کو باہر جانا ثابت نہوا بلکہ سنا کہ مرزا صاحب بعد نماز عشا کے تھوڑی دیر قیلولہ کرتے ہین۔ باقی تمام شب تا اوّل وقت نماز صبح کے عبادت مین رہتے ہین۔ یہ معاملہ قابل گذارش تھا اسواسطے عرض کیا۔ چچا صاحب مغفور فرماتے ہین کہ مین بھی اُسوقت حاضر تھا۔ حضور نے ارشاد فرمایا۔ کہ ہرگز اونکی نگرانی نہ کیجاوے وہ شخص اہل خدمت ہے پس جب یہ راز فاش ہوا تو حضرت نے محل مسکونہ اپنا آبائی کہ جو قلعہ معلی مین تھا اوسے ترک کرکے آبادی شہر مین بمقام باغ اعظم خان کہ اکثر اُس محلہ مین غریب لوگ رہتے جا رہے تھے اور اپنی آمدنی مین سے قدرے برائے سد رمق رکھ لیا تھا باقی کل جائداد منقولہ وغیر منقولہ عیال اطفال اپنے کے سپرد کردیا تھا اور تا ایام غدر نماز صبح اوّل وقت جامع مسجد مین ادا کی اور یہ حضرت کا شعار تھا کہ اُسی محلہ کی بیوگان و پردہ نشینان کا جو کام ہوتا تھا۔ طریقہ مسنون سمجھکر کیا کرتے تھے یہانتک کہ بعض مستورات بکری اور مرغی اور سوت وغیرہ واسطے فروخت کرنیکے دیتی تھین ایسی قسم کی چیزین چوک پر گدڑی مین بکا کرتی تھین حضرت کو کسی نے چوک پر کچھ فروخت کرتے نہین دیکھا اور یہ بھی قاعدہ تھا کہ رستہ مین جو شخص ملاقی ہوتا اوس سے پہلے حضرت ہی سلام علیک کیا کرتے تھے ہرچند اس فقیر اور دیگر صاحبان نے چاہا کہ پہلے حضرت سے ہم سلام کرین مگر یہ مقصد کسی کا پورا نہوا۔ اور حضرت نے خاندان قادریہ مین میان قادر شاہ قادری گوالیاری سے خرقہ خلافت حاصل کیا تھا۔ مین بھی حضرت کی قدم بوسی سے مشرف ہوا ہون۔

نقل ہے۔ کہ خاندان فقیر مین یہ بات سب بزرگ جانتے ہین۔ بلکہ مشہور ہے کہ جو شخص بیضہ کبوتر حضور کی خدمت مین لاکر دریافت کرتا آپ بیضہ کو دیکھکر نر مادہ اور رنگ بتا دیا کرتے تھے جس مین نر کہتے اوس مین سے نر بچہ اور جس مین مادہ کہتے اُس مین سے مادین بچہ نکلتا تھا اور جس رنگ کا بچہ نکلنا فرما دیتے تھے اوسی رنگ کا بچہ نکلتا تھا۔

نقل ہے۔ کہ ایک محفل مین ایک روز بہت سے احباب جمع تھے یعنی مرزا جہان خسرو

ومرزا جہان شاہ ومرزا کاؤس شکوہ براوران شاہ ومرزا ابوسعید ومرزا ابوجان ومرزا اعلاء الدین
ومرزا بہادر خلیفہ حضرت ومرزا عبداللہ خلف مرزا شاہ رخ مبرور ومرزا کریم الدین وغیرہ ومرزا
ممن صاحب پس حضرت بھی اوسی جلسہ مین جلوہ نما تھے بوجہ کثرت انفاس حضرت ذکر اللہ
ہو رہا تھا۔ اثنا گفتگو مین ذکر پیری مریدی کا آگیا مرزا ممن صاحب کہ اُسوقت انکا طریقہ
رندانہ تہا کہنے لگے کہ پیری مریدی کیا چیز ہے ہمنے تو کوئی پیر دیکھا نہین لوگونکو پیر ملجاتے ہین
ہمکو کوئی پیر نہین ملتا۔ لوگون نے یہ ایک کھیل مقرر کر رکھا ہے۔ حاضرین جلسہ نے کہا کہ آپ
کیسا پیر چاہتے ہین۔ اونھون نے کہا مین ایسا چاہتا ہون کہ یا تو بزور اپنے کشف کے فعال بد
سے ہمکو باز رکھے یا ہمارے فعل کا شریک ہو یعنی ہمکو ہمارے افعال سے نہ روکے حضرت نے ارشاد
کیا کہ بہائی صاحب مین اس لایق تو نہین ہون۔ کہ تمکو از راہ کشف فعال بد سے باز رکھون مگر اس
شرط پر تمکو بعیت کرتا ہون کہ جو تم کرتے ہو شوق سے کرو مین ہرگز منع نکرونگا۔ مگر میرے روبرو
فعل بد نکرنا اُنہون نے یہ شرط قبول کی اور اُسی جلسہ مین بعیت ہوئے بعد تھوڑی دیر کے محفل
برخاست ہوئی اور مرزا ممن صاحب بھی اپنے مکان پر آئے پس وقت معینہ پر غسل کیا۔
اور پوشاک بدلکر عطر لگایا اور شیشہ گلابی اور جام بلورین طلب کیا چاہا کہ اُس مین سے کچھ
نوش کرین۔ دیکھا کہ سامنے سے حضرت پیر مرشد تشریف لاتے ہین۔ اُسیوقت وہ سامان پوشیدہ
کیا اور چلمن اٹھا کر واسطے پیشوائی کے کمرہ سے باہر آئے تو وہان کچھہ ندیکھا سمجھے کہ توہم ہے پھر کمرہ
مین واپس آکر چاہا کہ شراب نوش کرین پھر وہی صورت پیش آئی چند مرتبہ ایسا ہی ہوا۔ ناچار جب
رات زیادہ گئی تو بہ تبدیل لباس قلعہ سے باہر آکر محبوبہ کے مکان پر پہونچے اور زینہ پر چڑہے تو
دیکھا کہ اندر کیطرف چوکھٹ بازو پکڑے ہوے پشت پہیرے ہوے حضرت کھڑے ہین یہ دیکھتے
ہی واپس اوترے اور سمجھے کہ کسینے اس مکان کا پتا حضرت کو دیا ہے پہلے ہی سے یہان آکھڑے
ہوے ہین اور یہ بھی سوچے کہ وقت مے نوشی کے بھی یہی صورت پیش آئی تھی آیا یہ حضرت کا
کچھہ تصرف ہے یا کسی نے اس مکان کا پتا بتا دیا ہے یا یہ میرا توہم ہے یہ سوچکر دوسری معشوقہ کے
مکان پر گئے وہان بھی یہی صورت پیش آئی اب تو سمجھے کہ یہ تصرف حضرت کا ہے واپس
مکان پر آئے اور بیقراری سے انتظاری صبح مین رات کاٹی غرضکہ وقت صبح مکان حضرت

پیرومرشد پر حاضر ہوئے یہ فقیر بھی اسوقت واسطے شریک ہونے حلقہ کے جایا کرتا تھا حضرت نے مرزا صاحب سے تبسم کنان فرمایا کہ خیر ہے بھائی صاحب آج خلاف وقت خلاف عادت کیونکر آنا ہوا خیر تو ہے مرزا صاحب موصوف نے عرض کیا۔ کہ جناب مین منہیات سے توبہ کرنے حاضر ہوا ہون اور اب توبہ کرتا ہون آپ گواہ رہین اور کل حقیقت گذشتہ عرض کی حضرت نے زبان فیض ترجمان سے ارشاد فرمایا۔ کہ مین تو اس لائق نہین ہون یہ تمہارا حسن ظن ہے مینے دیکھا کہ مرزا صاحب چند ہی روز مین صاحب راز و نیاز اور بالکمال ہو گئے اللہ تعالی مجھکو بھی اون حضرات کے تصدق سے لوث دنیا سے نجات دے اور عشق اپنا اور اپنے حبیب کا عطا فرماوے۔

دیگر۔ مرزا قایم الملک چشتی صابری والنظامی دہلوی ناقل ہین کہ دہلی مین غدر ہوسے چند ہی روز ہوئے تھے کہ حضرت میان حسن عسکری کے مکان پر تشریف لائے اور میان مسکین شاہ وغیرہ مشایخین کو جمع کر کے فرمایا کہ حضرت تلوار غضب الٰہی کی دہلی پر چلنے والی ہے کچھ بندوبست کیجیے حضرات جلسہ نے متفق الرائے ہو کر کہا ہم آپکو اپنا مقتدا اور شیخ وقت تصور کرتے ہین آپ ہی کچھ تدبیر فرماوین اور ہم مین سے جس کے لائق جو کار ہوگا وہ اُس سے درگزر نکریگا حضرت نے آبدیدہ ہو کر فرمایا کہ مین نے اپنے کو آجتک چھپایا مگر تم سب صاحب ظاہر کرتے ہو۔ کہ کل سب صاحب میرے مکان پر تشریف لاؤ جس وقت وہ تلوار غضب الٰہی کی ظاہر ہو ایک صاحب اپنا سر اوس کے آگے رکھدے میان حسن عسکری نے کہا کہ وہ کون ہو۔ فرمایا جسے اللہ ہمت دے خصوصیت نہین ہے غرض قدرت خدا سے بروز معہود تمام دن ایسا پانی برستا رہا اور باد تند چلتی رہی کہ حوایج ضروری کو بھی نکلنا مشکل تھا۔ دوسرے روز سب صاحب جمع ہو کر حضرت کے مکان پر آئے حضرت نے فرمایا کہ مشیت ایزدی اسی طرح ہے کہ سر پر گٹھری ہو اور زوجہ کا ہاتھ ہاتھ مین ہو اور آوارگی اور خرابی ہو۔ اور ہم تو یہ مصیبت کیون دیکھین گے اگر کل سب صاحب آجاتے بندوبست ہو جاتا اب کچھ نہین ہو سکتا اور عام طور پر لوگون کو پھانسیان ملین گی مرزا صاحب موصوف فرماتے ہین کہ ایام غدر مین حضرت چوکی دروازہ نقارخانہ شاہی پر بعد نماز ظہر وقت سہ پہر اکثر تشریف رکھا کرتے تھے مین بھی اون کے پاس جا بیٹھا کرتا تھا حضرت ظلم گذشتہ پر کہ جو اونھون نے اطفال صغرسن یورپین کے ساتھ کیا تھا اور

نیز رعایا پر ظلم کرتے تھے افسوس افسوس فرمایا کرتے تھے اور آمد گولون کو دیکھا کرتے تھے
ایک روز مجھ سے فرمانے لگے یہان سے چلے جاؤ۔ اب خیر نہین اوسوقت تک قلعہ مین
گولہ بازی سے ضرر ہوا تھا پس تھوڑی ہی دیر کے بعد ایک خوانچہ والا بھی قریب آبیٹھا
اتفاق سے ایک پوربیہ آیا اور اوس خوانچہ والے سے چنے لینے لگا اوسی عرصہ مین ایک ٹکڑا
گولے کا اوس پوربیہ کے سر مین لگا وہ فوراً مر گیا اوسوقت سے حضرت نے عام طور پر فرمایا۔
کہ جو یہان سے نکل جائیگا وہ بچ جائیگا ورنہ خرابی مین پھنس جاویگا بلکہ مجھ سے فرمایا جلد یہان
سے چلے جاؤ۔ اب یہان کا رہنا بہتر نہین ہے۔

ایضاً مرزا صاحب ناقل ہین کہ مین مرزا روشن صاحب کے کمالات سے واقف نہ تھا ایک
روز حافظ وزیر محمد خان صاحب کہ جو برج جامع مسجد دہلی مین قیام فرماتے تھے اور مجھے اونکی
خدمت مین نیاز تھا۔ فرمانے لگے کہ مرزا روشن بخت سے بھی کبھی ملتے ہو مین نے کہا کبھی
شادی شد مین فرمایا کہ وہ اہل خدمت اور قطب وقت ہین مجھے ایک عرصہ سے ذوق
فقیری ہے اکثر فقرا کی خدمت کی مگر مقام مقصود تک نہ پہونچا ایک روز مرزا روشن بخت صاحب کے
بعد نماز عصر کے ملاقات ہوئی دیکھتے ہی فرمانے لگے کہ حافظ صاحب آپنے بہت مشقت کی آخر نتیجہ
ہے اب اوس کا صلہ ملیگا اس کلام نے میرے دل مین اثر پیدا کیا اور مین خدمت مین حاضر ہونے
لگا انھون نے پانی نوش فرما کر باقیماندہ مجھے عنایت کیا کہ پی لو یہ سرد پانی ہے مین اوس کو پی گیا
اوسی شب کو میرا مقصد حاصل ہوا یہ سنکر بندہ کو بھی کمال اعتقاد ہوا۔

دیگر حضور کا یہ بھی شعار تھا کہ کبھی فاتحہ کے واسطے قریب مزار کسی بزرگ کے اندر آستانے کے نہ جاتے
تھے باہر سے فاتحہ ادا کیا کرتے تھے ایک روز فقیر نے عرض کیا کہ ہر کہ و مہ اندر آستانون کے جاتا ہے
آپ کیون نہین جاتے فرمایا کہ وہ اسی لائق ہین مین ایک ناچیز ہون میری کیا مجال ہے کہ مین
مقربان خدا کے پاس جاسکون دیکھئے امراے ظاہری کے پاس جانا کتنا مشکل ہے جو کوئی
جاتا ہے کس ادب سے جاتا ہے چہ جائے اولیا اللہ میرے نزدیک ایسی حرکت خلاف ادب ہے۔

نقل ہے ایک روز مینے عرض کیا کہ سماع مین کیا ارشاد ہوتا ہے فرمایا کہ کسی عالم سے دریافت
کرو جو وہ کہے اوسپر عمل کرو مین نے عرض کیا حضرت عالم تو منع فرماتے ہین اور فقرا

اس باتین کامل دلائل لاتے ہین فرمایا کہ اس مین مین کچھ نہین کہ سکتا اگر علماء سے تمکو اعتقاد ہے علماء سے دریافت کرو اور اگر حضرات فقرا سے اعتقاد ہے اون سے دریافت کرو مین نے پھر عرض کیا کہ حضور شریک سماع کیون نہین ہوتے فرمایا کہ مجھ مین وہ صفات ہرگز نہین ہے جو کبار مین تھے اور جو شرائط کہ سماع مین چاہین اونکا ادا ہونا مشکل ہے۔ غرض کہ مین آپکو لائق سماع سننے کے نہین پاتا اسوجہ سے نہین سنتا دوسرے کو اپنا اختیار ہے۔

ذکر حضرت مولانا قطب الدین خلف اکبر حضرت مولانا محمد فخر الدین قدس سرہ

یہ حضرت بھی کامل وقت گذرے ہین اکثر اصحاب خاندان جدی فقیر کے حضرت سے بیعت تھے بلکہ پدر بزرگوار اپنے سے کچھ کم نہ تھے اور حضرت ظل سبحانی جد فقیر کو بھی ذات بابرکات سے نہایت اعتقاد تھا وفات انکی ۸ محرم ۱۲۲۳ ہجری مین ہوئی بعد آپکے انکے صاحبزادہ میان کالے صاحب سجادہ نشین ہوے اور ۱۵ صفر ۱۲۶۰ ہجری مین انتقال ہوا آپکے بعد میان غلام نظام الدین سجادہ نشین ہوے اور ۱۲۹۶ ہجری مین ۱۲ شوال کو انتقال فرمایا انکے برادر خورد میان غلام معین الدین صاحب سجادہ نشین ہوے ۲۷ صفر ۱۳۰۶ ہجری مین انتقال ہوا۔

ذکر مشایخین و معتقدین سلسلہ فخریہ سے کہ جو کیرانہ مین گذرے اور اب ہین

حضرت مولوی ظہیر الدین رحمۃ اللہ مرید میر عوض علی مغفور کے تھے۔ اور وہ مرید حضرت مولوی بدیع الدین قدس سرہ کے اور وہ خلیفہ حضرت مولانا محمد فخر الدین دہلوی کے یہ حضرت عالم باعمل اور صاحب نسبت گذرے ہین مین بھی ان کی زیارت سے مشرف ہوا ہون ۱۲۸۰ ہجری مین بمقام قصبہ بنت انتقال فرمایا۔ ان کے سجادہ نشین حافظ نابینا کہ اب موجود ہین۔ تیسرے حاجی احمد اللہ کہ مرید حضرت عبد اللہ شاہ کے اور وہ خلیفہ حضرت خواجہ شاہ سلیمان قدس اللہ سرہ کے چوتھے قاری شہاب الدین ہمشیرہ زادہ مولوی رحمت اللہ کہ مرید حضرت حضرت شاہ شاہ اللہ بخش صاحب سجادہ نشین حضرت خواجہ شاہ سلیمان مغفور کے چوتھے منشی خواجہ مولانا مولا بخش کہ اولاد سے حضرت شاہ عبد الرزاق چچا جھنجانوی قدس اللہ سرہ کے اور مرید حضرت مولانا نصیر الدین صاحب خلف حضرت سید شاہ نیاز احمد صاحب بریلوی قدس اللہ سرہ کے ہین امسال جو فقیر دہلی گیا۔ وہان پر میان مستان شاہ ولایتی سے ملاقات ہوئی کہ مرید مولوی عبد السمیع کے ہین اور وہ خلیفہ حضرت سید شاہ نیاز احمد

قدس سرہ کے نہایت خلیق اور باعلم دیکھنے مین آئے

بیان اون گروہ کا کہ جو خانوادون قادری سے نکلے ہین۔

خانوادہ سہروردیہ سے سترہ گروہ جاری ہین۔

اول گروہ صوفیہ۔ حضرت قاضی حمید الدین صوفی سے جاری ہوا۔ کہ آپ خلیفہ شیخ شہاب الدین کے تھے۔ ۱۰ تاریخ ربیع الثانی بقول ۹ ماہ رمضان ۶۷۳ھ ہجری مین وفات ہوئی جناب قاضی صاحب نے شیخ احمد نہروانی کو فقیر کیا۔ اون سے شیخ شاہی موے تابہ ۲۰ یونی ہوے اور ان سے خواجہ محمود موتیہ دوز اور مولانا ناصح الدین ہوئے۔

دوسرا گروہ جلالیہ۔ حضرت سید جلال بخاری سے جاری ہوا۔ کہ خلیفہ شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانی کے تھے اور وہ خلیفہ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی کے تھے بتاریخ ۱۹ جمادی الاول ۶۹۹ھ ہجری نبوی وفات پائی مزار اوچ مین ہے۔ اس گروہ کے فقیر ایک سیلی سر پر باندھتے ہین اور ایک سینگ ہرن کا رکھتے ہین اور وقت عشق کے بجاتے ہین اور گل مہر نبوت کا تمغہ اون کے بازو پر رہتا ہے موضع حسن پور کہ متصل قصبہ پلول ہے وہان ایک درویش اس گروہ کے اچھے دیکھنے مین آئے۔

تیسرا گروہ لعل شہبازیہ۔ حضرت سید لعل شہبازی سے جاری ہوا۔ کہ لعل شہباز بھی مشہور ہین۔ آپ خلیفہ غوث بہاؤالدین زکریا ملتانی کے تھے اور وہ خلیفہ حضرت شہاب الدین سہروردی کے ہوے صاحب معارج الولایت نقل کرتے ہین کہ حضرت صاحب کمالات ظاہری و باطنی و تصرفات صوری و معنوی رکھتے تھے مگر پابند شریعت نہ تھے طریق ملامتیہ رکھتے اور لباس سرخ پہنتے تھے اسوجہ سے لعل سرخ بھی کہلاتے ہین اور اولاد سے حضرت امام جعفر صادقؑ کے تھے اور سلسلہ جدی سے بھی نعمت حاصل کی تھی ۶۷۳ھ مین وفات ہوئی مزار بمقام سیوہان ملک سندھ مین ہے۔

چوتھا گروہ مخدومیہ۔ میر سید جلال الدین ملقب بمخدوم جہانیان سے جاری ہوا کہ اول خرقہ خلافت عم بزرگ اپنے شیخ صدر الدین محمد غوث سے حاصل کیا تھا۔ بعدہ سید لعل سرخ سے خلافت پہونچی بتاریخ ۱۰ ماہ ذی الحجہ ۷۸۵ھ ہجری مین وفات پائی مزار اوچ مین ہے

پانچوان گروہ کرم علی جہلی۔ حضرت شاہ کرم علی جہلی سے جاری ہوا۔ کہ خلیفہ شیخ محمد کشمیری کے تھے حضرت حاجی قاسم اور آپ کا ایک زمانہ تھا اور سید لعل شہبازی سے ملکر یہ لوگ خانوادہ سہروردیہ مین شیخ شہاب الدین سہروردی سے ملتے ہین اس گروہ کے فقیر ایک کوڑا اپنے پاس رکھتے ہین اور وقت عشق کے اپنے بدن پر مارتے ہین شہر بہلسہ مین ایک درویش اچھے ملے تھے۔

چھٹا گروہ موسی شاہی سہاگ سے ہوا ہے۔ یہ فقیر سدا سہاگ بھی کہلاتے ہین شاہ موسی مرید سید جلال سرخ کے تھے فقیر اس گروہ کے لباس زنانہ پہنتے ہین سید جلال سرخ اور ان کا زمانہ قریب تھا۔

ساتوان گروہ رسول شاہی۔ سید رسول شاہ الوری سے جاری ہوا اس گروہ کے فقیر چہرہ سے خاک لگاتے ہین اور چار ابرو کا صفایہ رکھتے ہین اور ایک رومال مثل کلاہ کے سر پر رکھتے ہین اور رات کا سونا حرام جانتے ہین اکثر صاحب درد وغیرہ عضو علیل کو اپنے زبان سے چاٹ کر اچھا کرتے ہین اس سلسلہ مین خواجہ فدا حسین المعروف خواجہ نجم الدین ہمدانی دہلوی کامل وقت گزرے ہین کہ یہ مرید شاہ مظفر حسین المعروف مولانا حنیف کے تھے اور وہ مرید سید رسول شاہ الوری کے اور وہ مرید شاہ داؤد کے وہ مرید شاہ یحیی حبیب اللہ کے وہ مرید شاہ اسمعیل کے وہ مرید سید شاہ مرتضی انند کے وہ مرید سید عبد الرزاق کے وہ مرید شاہ اللہ داد عارف شاہ کے وہ مرید حضرت شاہ بندگی کے وہ مرید شاہ منجن کے کہ گوشہ نشین بھی کہتے ہین وہ مرید شاہ محمد گوشہ نشین کے وہ مرید خواجہ اسحاق کے وہ مرید شاہ داؤد قریشی کے وہ مرید حضرت شاہ راجن قتال کے وہ مرید شاہ احمد کبیر الحسن مخدوم جہانیان جہان گرد کے وہ مرید سید جلال بخاری کے وہ مرید شیخ رکن الدین ابو الفتح ملتانی کے وہ مرید حضرت مخدوم بہاؤ الدین زکریا ملتانی کے وہ مرید حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی کے۔

اٹھوان گروہ میران شاہی۔ شاہ میران موج ہری بندگی سے جاری ہوا۔ کہ مرید خاندان سید جلال سرخ کے تھے ۸۶۴ھ مین وفات ہوئی۔ مزار بہاول پور مین ہے

نوان گروہ عبدروسیہ۔ سید عبداللہ مالکی عبدروسی سے جاری ہوا۔ کہ خلیفہ شیخ ابوبکر کے تھے اور سات واسطون سے شیخ شہاب الدین سہروردی سے ملتے ہین بعض حضرت امام جعفر سے نسبت کرتے ہین بعض شیخ بہاؤالدین محمد خراسانی سے ملتے ہین سن وفات نہین ملتا۔

دسوان گروہ قاسم شاہی۔ حاجی قاسم سے کہ فقیر اس گروہ کے گھونگرو پاؤنمین باندھکر مجالس فقراء مین دھمال کرتے ہین۔ آپ بھی خلیفہ شیخ محمد کشمیری کے تھے ۱۰۳۳ھ مین وفات پائی بعض فقیر اس گروہ کے نقشبندیا بعض چندیا سے نسبت کرتے ہین مگر جدی کہلاتے ہین

گیارہوان گروہ رزاق شاہی۔ شاہ عبدالرزاق سے جاری ہوا۔ کہ خلیفہ شاہ محمد میران بندگی کے تھے ۱۰۰۰ھ ہجری مین وفات پائی مزار لاہور مین ہے۔

بارہوان گروہ دولاشاہی۔ دولا دربانی سے جاری ہوا کہ اولاد سے بہلول لودہی بادشاہ کی تھی۔ اور خلیفہ سید ناسرمست کے اور وہ خلیفہ پیر برہان الدین کے اور وہ خلیفہ شیخ صدرالدین راجن قتال کے وہ خلیفہ شیخ رکن الدین ابوالفتح ملتانی کے وہ خلیفہ شیخ صدرالدین عارف کے وہ خلیفہ غوث بہاءالدین زکریا ملتانی کے اور وہ خلیفہ شیخ شہاب الدین سہروردی کے حضرت نے خرقہ اپنا جلادیا تھا اور اوس کی خاک سے ایک الف اپنی پیشانی پر کھینچا اور خاک کہا اور جمیع فقیرون مین عشق کہا اس گروہ کے فقیر خاک سے ایک الف اپنی پیشانی پر کھینچتے ہین اور جمیع فقراء مین عشق اللہ کہتے ہین اور جواب مین سدا عشق پاتے ہین اور الف اللہ کے فقیر بھی کہلاتے ہین ۱۰۸۶ھ ہجری مین انتقال فرمایا مزار گجرات ملک پنجاب مین ہے

تیرھوان گروہ سید شاہی۔ سید سادات خان بخاری سے جاری ہوا کہ مرید سید نا سرمست کے اور پیر بھائی دولا دربانی کے اور ہم زمانہ بھی تھے۔

چودھوان گروہ اسماعیل شاہی۔ شاہ اسماعیل سے جاری ہوا۔ کہ خلیفہ شیخ عبدالکریم کے تھے وہ خلیفہ مخدوم طیب کے وہ خلیفہ مخدوم برہان الدین کے وہ خلیفہ شیخ میلون کے وہ خلیفہ شیخ حسام الدین متقی چشتی ملتانی کے وہ خلیفہ سید شاہ عالم کے وہ خلیفہ سید قطب عالم برہان الدین کے وہ خلیفہ سید ناصرالدین کے اور وہ سید جلال الدین

مخدوم جہانیان کے ماہ شوال ۸۶۴ھ میں وفات ہوئی۔
پندرھوان گروہ حبیب شاہی - شاہ حبیب ملتانی سے کہ مرید شیخ عبدالکریم کے اور پیر بھائی شاہ اسماعیل کے اور ہم زمانہ تھے۔
سولھوان گروہ مرتضی شاہی - کہ انند بخاری بھی کہتے ہین ایک رسالہ مین انند چرخی والا بھی لکھا ہے حضرت مرید شیخ عبدالکریم کے اور ہم زمانہ شاہ اسماعیل کے تھے
سترہوان گروہ ناتھ شاہی - اس گروہ کی اچھی طرح سے کیفیت معلوم نہین ہوئی - ثبت بعض رسالون مین لکھا ہے کہ حبیب شاہی اور رسول شاہی اور اسماعیل شاہی اور مرتضی شاہی اور ناتھ شاہی ایک شاخ سے ہین اور سید شاہی اور دولا شاہی اور قاسم شاہی اور موسی شاہی اور کرم علی جہلی ایک شاخ سے ہین سید لعل بہار سے ملتے ہین

خانوادہ فردوسیہ سے ایک گروہ نے دو نام پائے

حبیب شاہی اور بڈھن شاہی خلیفہ بڈھن شاہ دیوان خلیفہ حضرت شیخ نجیب الدین الکبر فردوسی کے تھے آپنے تیرہ فقیر کئے ایک تو میر سید صدرالدین آپ کے مرید سدو شاہی کہلاتے ہین دوسرے شاہ شمس تیسرے سید شاہ بغدادی چوتھے بایزید خان ابدال پانچین شاہ عشق اللہ چھٹے شاہ عبدالقادر ساتوین داؤد شاہ آٹھوین شاہ درگاہی نوین سید داؤد میران یہ سب حضرات باسلسلہ گذرے ہین اور اُن کے اپنے اپنے پیر کے نام سے مشہور ہوتے ہین مثل سدو شاہی کے اور عموماً بڈھن شاہی مشہور ہین گیارھوین خلیفہ احمد مجذوب بارھوین چھوڑ خان مجذوب تیرھوین پہاڑ خان مجذوب یہ تین صاحب بے سلسلہ رہے سن وفات خلیفہ بڈھن شاہ کا باوجود تلاش عرید کے دستیاب نہوا

خانوادہ طوسیہ سے کئی گروہ جاری ہوئے

اول گروہ قادری - حضرت سید عبدالقادر گیلانی قدس سرہ سے جاری ہوا کہ سلسلہ دوسرا حضرت کا جدی مشہور ہے اسطرح ہی حضرت پیران پیر مرید سید

ابی صالح کے وہ مرید سید موسی جنگ دوست کے وہ مرید سید عبداللہ کے وہ مرید سید غنی زاہد کے وہ مرید سید داؤد کے وہ مرید سید موسی الجون کے وہ مرید سید عبداللہ محض کے وہ مرید حضرت سید امام حسن رضی اللہ عنہ کے وفات حضرت کی شب شنبہ ۸- ربیع الثانی بعد نماز عشاء کے ۱۱۶۰ھ ہجری مین واقع ہوئی مزار شریف بغداد مین ہے مشائخین کبریانہ سے حضرت شیخ غیاث الدین شیخ محمد قادری کہ مرید حضرت سید طاہا قطب الدین قادری کوتانوی کے تھے اور شاہ بدرالدین قادری بصری سے بھی خرقہ خلافت پہونچا تحائف رشیدی کے دیکھنے سے حضرت کے کمالات ظاہر ہوسکتے ہین سلسلہ آپکا اس طرح پر ہے یعنے شیخ غیاث الدین فتح محمد مرید شیخ یحیی مدنی کے وہ مرید شیخ محمد قطب چشتی کے وہ مرید شیخ حسن محمد چشتی کے وہ مرید شیخ نور بخش قادری کے وہ مرید شیخ محمد علی نور بخش قادری کے وہ مرید خواجہ ابوالحسن زنجلانی کے وہ مرید قطب الاولیاء شیخ حسن محمد کے وہ مرید امیر کبیر سید علی ہمدانی کے وہ مرید شیخ شرف الدین محمد مردقانی کے وہ مرید شیخ رکن الدین علاؤالدولہ سمنانی کے وہ مرید شیخ نورالدین۔ عبدالرحمن قدس سرہ کے۔ وہ مرید شیخ جمال الدین احمد مدنی کے وہ مرید شیخ رضی الدین المعروف لعلی لالہ کے وہ شیخ مجدالدین بغدادی کے وہ مرید شیخ نجم الدین کبرا کے وہ مرید شیخ عمار یاسرہ کے وہ مرید شیخ ضیاءالدین ابونجیب سہروردی کے وہ مرید حضرت محبوب سبحانی سید محی الدین شاہ ابومحمد عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے وہ مرید شیخ الاسلام ابوسعید مبارک مخزومی کے وفات حضرت حاجی حرمین شریفین شیخ غیاث الدین فتح محمد قادری کے شب چہارشنبہ ۱۱۳۰ھ ہجری ۲۹ ماہ ربیع الاول مین ہوئی مزار پرانوار قصبہ کرانہ مین ہے اور سن وفات اس عبارت سے نکلتے ہین۔ انا فتحنا لک فتحا۔ کیفیت درگاہ قدم رسول و کرانہ کی تحایف رشید مین اس طرح دیکھی ہے اور بزرگان کرانہ سے سنی ہے کہ قدم شریف مسجد بھورا شاہ درویش سے برآمد ہوا ہے اور مسجد زیر خانقاہ حاجی صاحب موجود ہے اور بھورا شاہ بھی کامل فقیر تھے بعد وفات حضرت نکالا گیا۔ اور وہ اب موجود ہے۔

دوسرا گروہ رزاقیہ۔ حضرت سید السادات سید عبد الرزاق گیلانی سے جاری ہوا۔ کہ خلیفہ اور فرزند دلبند حضرت پیران پیر کے تھے بتاریخ ۵۔ جمادی الآخر ۶۲۳ھ مین وفات پائی مزار شریف بغداد مین ہے۔
سلسلہ رزاقیہ مین حضرت مولانا حافظ عبد العزیز دہلوی عرف اخوند صاحب مبرور کہ وفات حضرت کی سنہ ۱۰۹۶ ہجری مین ہوئی واصل حق اور عامل وقت گذرے ہین۔ آپکا سلسلہ اس طرح ہے کہ حضرت شاہ عبد العزیز آخوند دہلوی مرید شاہ محمد غوث کے وہ مرید سید شاہ آل احمد کے وہ مرید سید شاہ حمزہ کے وہ مرید سید شاہ آل محمد کے وہ مرید شاہ برکت اللہ کے وہ مرید شاہ فضل اللہ کے وہ مرید سید احمد کے وہ مرید میر سید محمد کے وہ مرید میر شیخ مخدوم جمال اولیاء کے وہ مرید شیخ ضیاء الدین قاضی حیا کے وہ مرید حضرت محمد بہکاری کے وہ مرید سید ابراہیم کے وہ مرید شیخ بہاؤالدین کے وہ مرید سید احمد جیلانی کے وہ مرید سید موسےٰ کے وہ مرید سید علی کے وہ مرید سید علی محی الدین ابی نصر کے وہ مرید سید ابو صالح کے وہ مرید حضرت سید عبد الرزاق قدس اللہ سرہ العزیز کے دوسرے حضرت مولانا سید غوث علی شاہ قادری کہ جو فی زمانہ نواح دہلی مین شیخ وقت گذرے ہین کمالات اون کے مشہور ہین۔ اونکی وفات شب دوشنبہ ۲۶۔ ربیع الاول سنہ ۱۲۹۸ ہجری مین ہوئی مزار شریف پانی پت مین ہے سلسلہ حضرت کا اس طرح ہے کہ مولانا مرید سید اعظم علی شاہ بابری کے وہ مرید سید عبد اللطیف بری کے وہ مرید سید امیر بالا پیر کے وہ مرید حضرت سید محمد مقیم محکم الدین کے کہ جن سے گروہ مقیم شاہی ہے وہ مرید حضرت سید ابو المعانی قادری کے وہ مرید بہاول شیر قلندر کے وہ مرید عبد الجلال کے وہ مرید شاہ محمود کے وہ مرید سید نور محمد کے وہ مرید جلال الدین کے وہ مرید سید شمس الدین کے وہ مرید سید شہاب الدین کے وہ مرید شاہ احمد اولی کے وہ مرید خواجہ ابو صالح کے وہ مرید حضرت سید الاق سید عبد الرزاق قدس اللہ اسرارہم کے تیسرا گروہ وہابیہ۔ حضرت عبد الوہاب قدس سرہ سے جاری ہوا کہ خلیفہ ونبیرہ حضرت پیران پیر کے تھے ۵۹۳ ہجری مین وفات پائی۔

گروہ وہابیہ مین شاہ عبدالغنی مہم والے بھی اچھے شخص ہین مرید شاہ محمد غوث کے وہ مرید محمد رمضان کے وہ مرید عبدالعظیم کے وہ مرید حفیظ اللہ شاہ کے وہ مرید شاہ عبداللطیف کے وہ مرید فتح محمد کے وہ مرید شاہ عبدالقادر کے وہ مرید شاہ محمد غوث کے وہ مرید عبدالقادر زین العابد کے وہ مرید سید شمس الدین کے وہ مرید احمد مسعود علی کے وہ مرید سیف الدین صوفی کے وہ مرید سید عبدالوہاب کے۔

چوتھا گروہ قبیشیہ۔ حضرت سید خواجہ قبیش سے جاری ہوا کہ ہمشیرہ زادہ حضرت پیران پیر کے تھے اور وہ خلیفہ تھے اور ہم زمانہ سید عبدالرزاق کے ہوے۔

پانچوان گروہ غفور شاہی۔ شیخ عبدالغفور اعظم پوری سے جاری ہوا کہ بتاریخ ۸ ماہ شعبان ۸۵۵ھ ہجری مین وفات پائی مزار اعظم پور مین ہے اس گروہ مین سید طاہا قطب الدین گوتانوی نے ۱۲۸۰ھ مین انتقال کیا۔ کامل درویش گذرے ہین سلسلہ آپکا اس طرح پر پہونچتا ہے کہ سید طاہا مرید سید محمود شہید کے وہ مرید سید حسن کے وہ مرید سید جلال الدین بخاری کے وہ مرید عبدالغفور کے وہ مرید سید عبدالکریم کے وہ مرید سید عبداللہ کے وہ مرید قطب الدین بخاری کے وہ مرید سید حامد نوبہار کے وہ مرید سید ناصر الدین نوشہ کے وہ مرید سید جلال الدین بخاری جہانیان جہان گشت کے وہ مرید سید قطب الدین ابدال کے وہ مرید شیخ محمد فاضل کے وہ مرید شیخ شمس الدین علی کے وہ مرید شمس الدین علی حداد کے وہ مرید حضرت پیران پیر کے۔

آٹھوان گروہ نعمت اللہ شاہی۔ حضرت شاہ نعمت اللہ ولی قدس سرہ سے جاری ہوا۔ سلسلہ نسبی اور مریدی حضرت کا دست بدست اپنے خاندان پدری مین چلا آتا ہے۔ یعنے نعمت اللہ ابن سید شاہ نور بن سید نبیل ادہم بن سید جعفر بن سید بہاؤالدین بن سید داؤد بن سید ابوالعباس احمد بن سید حسن بن سید موسی بن سید علی محمد بن سید متقی بن سید صالح بن سید ابی صالح بن سید عبدالرزاق بن حضرت پیران پیر ۸۳۴ھ ہجری مین وفات پائی۔ فقیر اس گروہ کے تاج ترکی رکھتے ہین۔

نوان گروہ سید شاہی۔ حضرت سید محمود حضوری لاہوری سے جاری ہوا

کر سید موسوی تھے۔ اور خلیفہ شمس العارفین سید شمس الدین کے وہ خلیفہ سید یعقوب کے وہ مرید سید عبد اللہ شاہ قادری کے وہ مرید سید اعلی کے وہ مرید سید مسعود کے وہ مرید سید احمد کے وہ مرید سید اصغر کے وہ مرید شاہ ابو الفرح کے وہ مرید سید عبد الوہاب کے وہ مرید حضرت پیران پیر کے تھے ۹۴۲ سنہ ہجری مین وفات ہوئی۔ مزار لاہور مین بیچ مقبرہ حضرت جان محمد حضوری کے ہے۔

دسوان گروہ بہلول شاہی۔ حضرت سلطان العارفین بہلول دریائی سے جاری ہوا کہ خلیفہ شاہ لطف اللہ بری قادری کے تھے وہ خلیفہ جمال اللہ مشہور بہ حیات المیر زندہ جاوید کے تھے ۹۸۳ سنہ ہجری مین وفات پائی مگر اس گروہ کو بعض خانوادہ سہروردیہ سے بدین وجہ نسبت کرتے ہین کہ شاہ لطف اللہ مرشد بہلول دریائی کو شاہ نصیر الدین قریشی سہروردی سے بھی خرقہ خلافت پہونچا تھا۔

گیارہوان گروہ قمیصیہ سید شاہ قمیص بن ابی الحیات گیلانی سے جاری ہوا کہ سلسلہ خلفاء اور جدی آپ کا حضرت پیران پیر سے اس طرح ملتا ہے۔ یعنے شاہ قمیص بن سید ابی الحیات بن تاج الدین محمد بن سید بہاء الدین محمد بن سید جلال الدین احمد بن شاہ داؤد بن سید جمال الدین علی بن سید ابی صالح بن سید السادات سید عبد الرزاق گیلانی قدس اللہ اسرارہم بتاریخ ۳ ماہ ذیقعدہ ۹۹۲ سنہ ھ مین وفات پائی اس گروہ کے فقیر ملک بنگالہ مین اکثر دیکھے ہین۔ اور وفات حضرت کی ملک بنگالہ مین ہوئی ہے

بارہوان گروہ میان خیل۔ حضرت میان میر بالا پیر لاہور سے جاری ہوا۔ آپ مرید حضرت خضر سیوستانی کے تھے ۱۰۴۵ سنہ ہجری مین وفات پائی روضہ منورہ لاہور مین بنوایا ہوا حضرت داراشکوہ خلف شاہ جہان بادشاہ کا ہے داراشکوہ مغفور کو ارادت حضرت کی خدمت مین تھی اسیوجہ سے داراشکوہ قادری کھلاتے ہین اور اخیر مین سلسلہ سہروردی مین حضرت قطب وقت شاہ مرید دہلوی سہروردی سے کہ جن کا مزار گھر بار درمیان شاہ جہان آباد و زیر مسجد جامع کے موجود ہے خرقہ خلافت پہونچا تھا حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی تحفہ فرماتے ہین کہ شاہزادہ داراشکوہ شان عالی و مرتبہ بلند اور مقام ارجمند

رکھتے تھے۔ چنانچہ احوال باطنی آپکا آپ کی تصنیفات سے ظاہر ہے۔ اور کتب مصنفہ آنجناب ابھی تک ملتی ہیں وہ یہ ہیں۔ سفینۃ الاولیا سکینۃ الاولیا و رسالہ حق نما۔ دیوان اکبر۔ دیوان قادری۔ رسالہ معارف۔ سیر ابریہ۔ حسنات العارفین۔ مجمع البحرین۔ چند نسخے انمین سے میرے پاس بھی موجود ہین چنانچہ ایک مرتبہ یہ کاتب الحروف نہایت رنج والم مین مبتلا تھا۔ اور کوئی صورت نجات کی نظر نہ آتی تھی۔ ایک روز مین نے بعد نماز بعد گریہ زاری کے روح پاک حضرت سے رجوع کی اوسی شب کو بشارت ہوئی اور ایک اسم آپ نے بندہ کو بتایا اور فرمایا کہ اے نورعین برکت اسم باری تعالیٰ سے یہ رنج دور ہوگا اور مقصود ہون گے جب مین واسطے نماز صبح کے بیدار ہوا تو وہ اسم مجھے یاد تھا غرض اوسی ہفتہ مین اللہ تعالیٰ نے اپنے نام کی برکت اور تصدق روح پاک اوس حضرت سے وہ رنج تبدیل بخوشی کیا یکم ماہ محرم سنہ ہجری مین وفات ہوئی مزار کہ باہر مقبرہ ہمایون بادشاہ مین ہے تخلص حضرت کا قادری ہے۔ سلسلہ حضرت کا اس طرح پر ہے یعنے حضرت دارا شکوہ قادری مرید حضرت مولانا شاہ قادری کشمیری کے وہ مرید حضرت میان میر لاہوری کے۔ وہ مرید حضرت شاہ خضر ابدال سیوستانی کے وہ مرید حضرت شاہ اسکندر کے وہ مرید حضرت شیر الاولیا خواجہ حاتی کے وہ مرید سید علی قادری کے وہ مرید حضرت شاہ جمال مجرد کے وہ مرید حضرت سید لعل شاہباز کے وہ مرید حضرت شیخ ابو اسحاق ابراہیم کے وہ مرید حضرت شیخ مرتضیٰ سبحانی کے وہ مرید حضرت شیخ احمد بن مبارک کے وہ مرید حضرت سید محی الدین عبد القادر جیلانی غوث ربانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے۔

تیرہوان گروہ حسین شاہی۔ حضرت شاہ لال حسین لاہوری سے جاری ہوا ہے کہ فقیر آپ کو شاہ حسین ڈوڑابھی کہتے ہین۔ آپ خلیفہ بہلول دریائی کے تھے مگر پابند شریعت تھے صاحب معارج الولایت ناقل ہین کہ سوالاکھ آدمی ذات ستودہ صفات سے فیضیاب ہوئے اونمین سے سولہ خلیفہ ہوئے ان مین چار غریب اور چار دیوان اور چار خاکی اور چار بلاول مشہور ہین اول شاہ غریب بمقام رتی ٹھٹہ دوسرے شاہ غریب موضع لنگوٹی والے ضلع وزیر آباد مین۔ تیسرے شاہ غریب چیلا پوری ملک دکن مین چوتھے شاہ غریب لاہور مین متصل

مزار حضرت کے اور اول دیوان مادہو دوسرے دیوان گورکھہ لاہور مین متصل حضرت
کے تیسرے دیوان بخشی بیجاپور مین چوتھے اللہ دیوان کہ مزار لاہور مین ہے پس
دیوان مادہو نہایت محبوب ہے۔ اوّل خاکی مولابخش دوسرے خاکی خاکیشاہ لاہور مین
بجوار مزار حضرت تیسرے خاکیشاہ وزیرآباد مین۔ چوتھے خاکی حیدربخش دکن مین اور اوّل
شاہ رنگ دوسرے بلاول بدہو تیسرے شاہ بلاول کہ مزار لاہور مین گرد مزار
حضرت کے ہے چوتھے شاہ بلاول دکن مین حضرت شاہ حسین ۹۵۵ھ ہجری مین فقیر ہوے
اور بتاریخ سلخ ماہ جمادی الثانی ۱۰۰۸ھ ہجری مین وفات پائی مزار لاہور مین ہے۔

چودھوان گروہ ہاشم شاہی۔ میر علی ہاشم چہار ضرب قادری سے جاری ہوا
آپ مرید اپنے جدی سلسلہ مین ہین۔ یعنے میر ہاشم بن سید محمد بن سید احمد بن سید عمر
بن سید ابراہیم بن سید حسین بن سید محمود بن سید محمد یوسف بن سید عبدالرزاق
ثانی بن سید میمون بن سید مسعود بن سید میر حسن بن سید حیات بن سید صالح بن
حضرت غوث پاک بتاریخ ۷ ماہ شوال ۱۲۳۵ھ ہجری مین بعارضہ دنبل انتقال فرمایا اور
تا زندگی اظہار دنبل نہوا وقت غسل کے معلوم ہوا۔

پندرہوان گروہ مقیم شاہی۔ سید محمد مقیم محکم الدین بن سید ابوالمعانی سے
جاری ہوا کہ خلیفہ حیات المیر بغدادی کے تھے کہ اون کو شاہ جمال اللہ کہتے ہین ۱۰۵۵ھ
مین وفات ہوئی اور حضرت نہایت صحیح النسب سادات عظام قادری سے تھے سہروردیہ
سلسلہ قادریہ راقم اجزتالہ بہ لباس الخرقت للطالبین کما اجازلنا شیخنا و مولانا مرزا
روشن بخت گورگانی وہو من شیخ المسلمین مولانا عماد الدین میر محمدی دہلوی وہو من قدوۃ
الزمان سید فتحعلی شاہ قادری دہلوی وہو من سید عیوض نعمان شہید وہو من سید
عبدالکریم محقق منگری وہو من سید تاج الدین وہو من سید شرف الدین غوث وہو من
شاہ مصطفے اصوفی وہو من شاہ داد عارف وہو من بندگی پرن سلطان وہو من شیخ حامد
سبحن گوشہ نشین وہو من خواجہ اسحاق محدث گوشہ نشین وہو من شیخ داؤد وہو من
سید صدرالدین وہو من مخدوم جہانیان جہان گشت وہو من سید کبیر بخاری

وہو من بہاؤالدین ذکریا ملتانی وہو من شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردی وہو من حضرت محبوب سبحانی محی الدین سید عبدالقادر جیلانی قدس اللہ اسرارہما حضرت سید فتح علی شاہ قادری قدوسی صحیح النسب سادات عظام اور اعلے مشائخ ذوی الاحترام دہلی سے ہین تصرفات آپ کی زبان زد خاص وعام ہین اور ہمزمانہ عالی گوہر شاہ عالم بادشاہ تھے مزار حضرت کا شہر دہلی مین بمقام بھوجلا پہاڑی زیارت گاہ خاص وعام ہے۔

سولھوان گروہ نوشاہی۔ حضرت خواجہ فضیل نوشاہی قادری سے جاری ہوا۔ اور خرقہ خلافت پدر بزرگوار اپنے سے حاصل کیا تھا سلسلہ حضرت کا اس طرح ہے یعنے خواجہ فضیل بن حاجی محمد نوشاہی صوفی بن علی ہاشم گیلانی بن بدرالدین اسمعیل بن سید عبداللہ ربانی بن سید محمد غوث گیلانی بن سید شمس الدین گیلانی بغدادی حلبی بن سید شاہ میر بن سید ابوالحسن علی بن سید ابوعلی بن سید مسعود ابوالعباس احمد بن سید صفے الدین مشہور بہ سید صوفی بن سید سیف الدین عبدالوہاب بن شیخ السموات والارض حضرت محی الدین سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ وفات خواجہ فضیل کی ۱۱۲۱ھ مین ہوئی مزار کابل مین ہے

سترہوان گروہ جباری۔ سید عبدالجبار سے جاری ہوا اس گروہ کا کوئی فقیر بندہ سے نہین ملا۔

اٹھارہوان گروہ محمود شاہی۔ محمود بونٹی سے جاری ہوا۔ فقیر اس گروہ کے رسی مونج کی باریک گلے مین باندھتے ہین مزار لاہور مین ہے اس سلسلہ سے شاہ منصور اور شاہ محمد سکندر حیات اور شاہ محمود ملتانی بھی قادری کہلاتے ہین۔

انیسوان گروہ سدو شاہی۔ شاہ سدو سے جاری ہوا کہ آپ پیر بھائی اور ہمزمانہ بہلول دریائی کے تھے۔

بیسوان گروہ خاکسار۔ شاہ خاکسار ایرم پار سے جاری ہوا زیادہ حال انکا بھی نہین معلوم ہوا

اکیسوان گروہ قاسم شاہی۔ حاجی قاسم گنگوہی سے جاری ہوا کہ فقیر اس گروہ کے سیاہ رومال رکھتے ہین۔

خانوادہ کاذرونیہ سے کئی گروہ جاری ہوئے

اوّل گروہ زاہدیہ۔ حضرت خواجہ فخر الدین زاہد سمرقندی سے جاری ہوا۔ کہ خلیفہ خواجہ قطب الدین عبد المجید کے تھے۔ وہ خلیفہ خواجہ ابو اسحاق گازرونی قدس سرہ کے سن وفات نہیں ملا۔

دوسرا گروہ اولیائی۔ شاہ اولیا سے جاری ہوا۔ کہ موضع سداپور میں ہو وہ ہیں اور سلسلہ اپنا خواجہ شیخ احمد سے ملاتے ہیں ایک گروہ چشتی نام سے مشہور ہے کسی اور ولایت میں ہوگا

خانوادہ سقطیہ سے ایک گروہ جاری ہوا وے نوریا کہتے ہیں حضرت ابو الحسن نوری سے کہ خلیفہ خواجہ سری سقطی کے تھے وفات ان کی ۲۹۵ھ ہجری میں ہوئی عمر شریف ۹۸ برس کی تھی مرقد بغداد میں ہے۔

خانوادہ جنیدیہ سے کئی گروہ جاری ہوئے

اوّل گروہ انصاریہ۔ شیخ الاسلام خواجہ عبد اللہ انصاری سے جاری ہوا کہ خلیفہ خواجہ ابو الحسن خرقانی کے تھے وہ خلیفہ شیخ ابو عباس قصاب کے وہ خلیفہ شیخ عبد اللہ بجری کے وہ مرید شیخ ابو احمد جریری کے وہ خلیفہ خواجہ جنید بغدادی کے تھے بتاریخ ۹ ربیع الآخر ۴۸۱ھ ہجری میں وفات پائی مزار ہرات میں ہے۔

دوسرا گروہ رفعی۔ حضرت سید احمد کبیر رفعی سے جاری ہوا کہ خلیفہ جلال الدین قادری کے تھے وہ خلیفہ شیخ ابو الفضیل محمد کے وہ خلیفہ شیخ علی قادری کے وہ خلیفہ سید علی بن ترکان کے وہ خلیفہ شاہ موہین کے وہ خلیفہ خواجہ ابو بکر شبلی کے وہ خلیفہ خواجہ جنید بغدادی کے تاریخ ۲۲ جمادی الاول ۲۹۸ھ ہجری میں وفات پائی۔

تیسرا گروہ یسویہ۔ خواجہ احمد یسوی سے جاری ہوا۔ کہ رہنے والے ترکستان کے اور خلیفہ خواجہ یوسف ہمدانی کے وہ خلیفہ خواجہ ابو علی فارمدی کے وہ خلیفہ خواجہ ابو القاسم گرگانی کے وہ مرید ابو عثمان مغربی کے وہ خلیفہ خواجہ ابو علی کاتب کے وہ خلیفہ خواجہ ابو علی رودباری کے وہ خلیفہ خواجہ جنید بغدادی کے مزار یسوا علاقہ جیپور میں ہے۔

خانوادہ طیفوریہ سے کئی گروہ جاری ہوئے

اوّل گروہ طبقات۔ حضرت شمس العارفین قدوۃ الواصلین حضرت شاہ

بدیع الدین قطب المدار سے جاری ہوا۔ کہ خلیفہ حضرت طیفوریہ شامی کے تھے اور مشائخ اعظم
و اولیای ہندوستان سے ہین غریب احوال عجائب اطوار و کرامت بلند و مقامات ارجمند
رکھتے تھے بزرگی حضرت کی زیادہ حد تحریر سے تھی۔ چنانچہ از روے تحریر کتب صحیحہ اخبار الاخیار
و معارج الولایت و تذکرۃ العاشقین و مناقب الاصفیا وغیرہ سے ثبوت ہے کہ حضرت بارہ
برس تک مقام صمدیت مین رہے اور کچھ نہین کھایا اور لباس کہ اسوقت زیب بدن تھا اس
عرصہ مین میلا نہوا اور نہ شکستہ ہوا اور احوال روی مبارک کا یہ تھا کہ جس کی نظر روی مبارک پر
پڑتی تھی سجدہ کنان ہوتا تھا اس وجہ سے آپ نقاب رکھتے تھے صاحب معارج الولایت
کشف النغمات سے نقل کرتے ہین کہ حضرت شاہ مدار کو خرقہ خلافت شیخ عبد اللہ مکی سے
پہونچا تھا۔ اور اُن کو شیخ الجارب مقدسی سے اور اُن کو شیخ طیفور شامی سے کہ مرید اور مصاحب
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے تھے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے شیخ طیفور کو ارشاد کیا تھا
کہ تم درمیان کوہستان کے ایک غار مین نہان رہو جسوقت محمد رسول اللہ پیغمبر آخر الزمان
صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہون تم اُن سے بیعت کرنا اُنھون نے ویسا ہی کیا اور لکھا ہے کہ
حضرت شاہ مدار اویسی تھے یعنے روحانی طور پر جناب سرور عالم سے تربیت پائی تھی اور یہ بھی
لکھا ہے کہ حضرت جب ہندوستان مین تشریف لائے تو اوّل زیارت کو خواجہ بزرگ کی اجمیر
شریف مین آئے اور کوکلا پہاڑی پر اربعین بیٹھے بعد حصول استفادہ حضرت بمقام کالپی تشریف
لائے حضرت شاہ کمال اسرار بدیعی مین تحریر فرماتے ہین کہ حضرت مکن پور مین تشریف لائے اور ایک
مکان واسطے عبادت کے تیار کرایا کہ جواب روضہ مشہور ہے پھر آپ ملک بنگالہ مین گئے
ہزارون آدمی برکت انفاس آپکی سے مشرف باسلام ہوے اور پھر کوہستان نیپال و بیدری
ناتھ مین بڑے بڑے فقرا اہل ہنود سے مباحثہ ہوا اور بہت سے لوگ بیعت مین آئے اور جب
حضرت واسطے سیر ملک کاٹھیاوار کے تشریف لے گئے تو گرنار پہاڑ پر کہ فقیر اہل ہنود اسکو
متبرک جانتے ہین وہان بھی گذر ہوا مگر ایسا کچھ معاملہ پیش آیا۔ کہ بہت سے لوگ مسلمان
ہوئے مثل جوگی کے کہ بعد مین مشرف باسمعیل جوگی کے ہوا اوسکی اولاد سے مسلمان جوگی
موجود ہین اور بہت سے بیعت مین آئے اسیوجہ سے حضرت شاہ جمن چشتی کو فقرا اسرع پوش

اپنا پیشوا شمار کرتے ہین۔ صاحب مجز الوصلین سال پیدایش حضرت کا سنہ ۹۵ ہجری ۲ ماہ جمادی الاوّل روز جمعہ اور نزدیک بعض کے عمر شریف تین سو برس کی اور نزدیک بعض کے دو سو سرسٹھ برس کی اور نزدیک بعض کے دو سو پچاس برس کی تھی اور باتفاق اخبارات وفات حضرت کی سنہ ۸۴ھ مین ہوئی مزار درگاہ ...... در رحمت ملک عرب مین ہے آپنے پانچ خلیفہ کیئے اوّل سید جمن جتی کہ ان پیرو دیوانگان کہلاتے ہین اور باون نام سے مشہور ہین مثل دیوانگان حسینی و دیوانگان سلطانی و دیوانگان رشیدی کے خواجہ محمد رشید سے کہ مرید خواجہ محمد تقی کی سے تھے وہ مرید سید بدرالدین محمد حسین البخاری کے وہ مرید حاجی حرمین شریفین خواجہ ابا یزید کے وہ مرید شاہ فخرالدین زندہ دل کے وہ مرید حضرت جمن جتی کے وہ خلیفہ پیر شاہ مدار کے بتاریخ ۵ ماہ محرم سنہ ۱۰ ہجری مین وفات پائی دوسرے خلیفہ سید اجمل خلیفہ شاہ مدار کے وہ خلیفہ طیفور شامی کے وہ مرید عین الدین شامی کے وہ مرید حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بعض درویش اجملی بتفاوتی سلسلہ اپنا جناب علی کرم اللہ وجہہ سے اس طرح ملاتے ہین۔ یعنی سید احمد کالپوری مرید میر سید محمد کالپوری کے وہ مرید شیخ مخدوم جمال اولیا کالپوری کے وہ مرید شیخ قیام الدین کے وہ مرید شیخ قطب الدین کے وہ مرید سید شاہ عبدالقادر شاہ جلال کے وہ مرید سید مبارک کے وہ مرید سید اجمل بہرائچی کے وہ مرید حضرت بدیع الدین پیرا شاہ مدار کے وہ مرید سید شاہ عبداللہ شامی کے وہ مرید حضرت عین الدین شامی تھے وہ مرید حضرت یمین الدین شامی کے وہ مرید وخلیفہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے۔

تیسرے خلیفہ کے فقیر طالبان مشہور ہین

ان کے دو فرقہ ہین چوتھے خلیفہ کے فقیر قادوان کہلاتے ہین اور چہارم نام سے مشہور ہین پانچوین خلیفہ مدار صاحب کے قاضی مظاہر ان کے مریدی کی کیفیت صاحب سیر الفقرا اس طرح پر تحریر کرتے ہین کہ قاضی صاحب معہ بہتر کتب و دیگر اسباب ضروری کیواسطے مباحثہ شرعی کے مکن پور مین آے مگر قدرت خدا سے ایسی ندی ملی کہ متصل مکن پور کے ہے شتر بار برداری جب اوس مین اوترا تو ندی نے جوش مارا کل اسباب بھیگ گیا۔ جب

قاضی صاحب روبرو مدار صاحب کے آئے اور حجت پیش کی اوس پر حضرت نے فرمایا۔ کہ بابا اپنی کتاب دیکھو۔ جو لکھا ہے۔ حق ہے زبانی باتون سے کیا فائدہ قاضی جی نے بموجب ارشاد والا کے کتب دیکھین غرض کہ جس جگہ اللہ اور محمد لکھا تھا۔ وہ موجود تھا باقی حروف مدارد تھے قاضی جی صاحب یہ ماجرا دیکھکر متعجب ہوے اور بیعت کی چنانچہ وہ کتب ہنوز حجرہ شریف مین موجود ہین ان کے طالب عاشقان کہلاتے ہین۔

اوّل عاشقان امام نوروزی ۔ شاہ امام نوروز سے سنا ہے کہ یہ ہندوستان مین جہاد کرنے آئے تھے۔ بعد ملازمت باباکپور گوالیاری کے بادشاہی چھوڑکر فقیری اختیار کی اور کل ترک شاہی مرشد کے نظر کیا اُنھون نے وہ سامان اپنے مریدون کو تقسیم فرمایا اوسی روز سے تیقاقی فقیر یہ سامان رکھتے ہین سلسلہ حضرت کا اس طرح ہے یعنی سید امام نوروز خلیفہ باباکپور کے اور وہ مرید سید شاہ راجی کے وہ مرید قاضی حمید الدین کے وہ مرید قاضی مطاہر کے وہ خلیفہ شاہ مدار کے۔

دوسرے عاشقان سوختہ شاہی ۔ سید خاکسار خاگینہ بانی ہے کہ خلیفہ باباکپور کے تھے یہ وقت شہتا کے سوختہ کہا کرتے تھے ملک دکن مین ان کی اوصاف حمیدہ مشہور ہین جاے خلافت اس گروہ کا قصبہ شرف آباد ہے مگراب بسبب حسن اعتقاد ہین بھوپال کے ایام برشکال خلیفہ صاحب قصبہ چین پور باڑی مین بسر فرماتے ہین باقی آٹھہ ماہ اطراف ہند مین دورہ کرتے ہین اور مقدمات فقرا آپ کے روبرو پیش ہوتے ہین اور اونپر احکامات موافق حکم کتاب اللہ و رسول اللہ نافذ ہوکر جزا و سزا دیجاتی ہے اور ہزارون بے پیر مشرف بمریدی ہوتے ہین یہ خلیفہ صاحب ستار پیر اور بادشاہ فقرا کہلاتے ہین ان کی لگس رانی مورچھل سے ہوتی ہے بخلاف دیگر فقیر ہند کے ان صاحبان مین میان قادر علی شاہ ستار کہ اس فقیر کو بھی اُن کی خدمت مین نیاز حاصل تھا معصوم صفت اور فرشتہ خصلت اور غوث وقت تھے تعلیم اون کے یہان بھی اس طرح ہے ذکر خفی کی یعنے زاہد کو چاہیئے کہ اوّل دوزانو بیٹھے اور سر کو جانب کتف رہت کے لاوے اور بغیر حرکت زبان کے لفظ اللہ کو خفی اوپر دل کے ضرب کرے اور پھر اللہ اللہ کہکر جلدی جلدی ایک ہزار مرتبہ ضرب کرے ہزار بار یہی طرح کیا کرے تاکہ

نکرے انشاء اللہ تعالیٰ آئینہ دل مصفا ہوگا المومن مراۃ المومن منہ دکھائی دے گا جبتک اپنے مین خود نمائی ہے ہمیشہ اپنے سے جدائی ہے اس مین قید وضو کی نہین ہے اگر کرے تو بہتر ہے۔ مگر حاجت غسل مین بچا ہئے وفات حضرت کی ۱۲۷۰ھ مین ہوئی مزار باڑی مین ہے ان کے بعد سجادہ نشین میان صادق علیشاہ ستار ہوئے یہ صاحب شیردل اور جفاکش شب خیز آدمی ہین۔ عالم سیاحی مین مین اور یہ باہم رہے ہین۔

تیسرے عاشقان کمر بستہ۔ حضرت شاہ درگائی کمر بست سے کہ خلیفہ بابا کپور کے تھے۔

چوتھے عاشقان لعل شہبازی۔ شاہ امان اللہ درویش دہلوی سے یہ بھی خلیفہ باباکپور کے تھے

پانچوین عاشقان باباگوپالی۔ گوپال درویش سے۔

چھٹے عاشقان مکھاشاہی۔ میران مکھااولیا سے کہ خلیفہ بابا کپور کے تھے۔

ساتوین عاشقان کلامی۔ شاہ معروف کلامی سے کہ خلیفہ امام نورونر کے تھے اور شاہ فنادرویش کہ خلیفہ امام نوروزکے تھے اون سے سلسلہ نوروز ہے۔

آٹھوین عاشقان کمال قادری۔ حضرت مولانا شیخ کمال الدین قادری قرشی سے جاری ہوا۔ کہ کمالات ظاہری و باطنی رکھتے تھے اور سیر الفقرا اور ریاض الفقرا آپکی تصنیفات سے ہین اس گروہ کے فقیر خوب عبادت کرتے ہین میان لہورشاہ سجادہ نشین میان دھونسہ شاہ کو مینے بھی دیکھا ہے اچھے فقیر ہین اور اون کے پیر بھائی میان رحیم شاہ اور اون کے مرید جہان گیر مرزا تیموری بھی کامل فقیر تھے۔

نوین عاشقان کریم شاہی۔ شیخ کریم الدین سے کہ خلیفہ شیخ کمال الدین کے تھے اون سے جاری ہوا۔ اس گروہ کے فقیر ملک اودھ مین بکثرت ہین۔

گروہ شطاریہ۔ حضرت خواجہ عبداللہ شطاری سے جاری ہوا۔ کہ خلیفہ شیخ محمد طیفور کے تھے وہ خلیفہ شیخ محمد عاشق خدا کے وہ خلیفہ شیخ خدا قلی کے وہ خلیفہ پدر خود محمد خدا قلی کے اور وہ خلیفہ خواجہ ابوالحسن خرقانی کے وہ خلیفہ خواجہ ابوالمظفر مولا ترک الطوسی کے۔ وہ خلیفہ ابی یزید العشقی کے وہ مرید خواجہ محمد مغربی کے وہ خلیفہ خواجہ بایزید بسطامی کے

۱۲۳۳ ہجری مین وفات پائی مزار قلعہ منڈو مین ہے۔ سلسلہ مداریہ کاتب الحروف کمترین
کو خرقہ مرزا روشن بخت گورگانی سے پہونچا۔ اون کو حضرت میر محمدی دہلوی سے پہونچا۔
اون کو اون کے مامون سید فتح علی شاہ دہلوی سے اون کو سید عیوض خان شہید سے
اون کو سید عبدالکریم محقق سے اون کو سید تاج الدین سے اون کو سید شرف الدین سے
اون کو شاہ مصطفےٰ صوفی سے اون کو شاہ داؤد عارف سے اون کو بندگی شاہ پیرن سلطان سے
اون کو شیخ حامد منجھن گوشہ نشین سے اون کو خواجہ اسحاق محدث گوشہ نشین سے اونکو داؤد سے
اون کو سید صدرالدین سے اونکو مخدوم جہانیان جہان گشت سے اونکو حضرت سید بدیع الدین
شاہ مدار سے اون کو طیفور شامی سے اون کو خواجہ حبیب عجمی سے اونکو خواجہ کمیل بن زیاد سے
اون کو حضرت امیرالمومنین علی مرتضےٰ کرم اللہ وجہہ سے سلسلہ رفاعی کاتب الحروف یعنی
مخدوم جہانیان جہان گشت کو خرقہ خلافت سید شمس الدین سے پہونچا۔ اون کو سید اسمٰعیل
ابن ابراہیم جیری سے اون کو شیخ صباعی محمد سے اون کو شیخ برہان الدین علوی سے اونکو
شیخ شریف الحسن ثمرقندی سے اونکو شیخ حسن رفاعی سے اون کو شیخ احمد رفاعی سے اونکو
شیخ محمد رفاعی سے اونکو شیخ نجم الدین رفاعی سے اون کو شیخ قطب الدین ابی حسن علی رفاعی
سے اون شیخ محی الدین ابراہیم علی رفاعی سے اون کو شیخ مہذب الدین رفاعی سے اون کو
سید سیف الدین رفاعی سے اون کو شیخ العارفین سید احمد کبیر رفاعی سے قدس اللہ اسرارہم
تاریخ وفات سید فتح علی شاہ انتخاب سلف ہے۔

بیان خاندان نقشبندیہ کا

یہ گروہ حضرت محمد قاسم بن محمد بن حضرت ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے
جاری ہوا فقیر اس گروہ کے باکمال اور عبادت مین شہرۂ آفاق ہوتے ہین اب اس گروہ
کے فقیر تین نام سے پکارے جاتے ہین۔

ایک نقشبندیہ دوسرے نقشبندیہ مجددیہ۔

یہ لفظ مجددیہ بعد حضرت شیخ احمد مجدد الف ثانی قدس سرہ کے جاری ہوا۔ کہ وفات حضرت
کی بروز سہ شنبہ وقت صبح سلخ صفر سنہ ۱۰۳۴ ہجری مین ہوئی۔

تیسرے ابو العلائی۔ آپ کا ذکر آگے آئے گا۔

خاندان مجددیہ میں۔ حضرت عبد اللہ المعروف بہ شاہ غلام شاہ دہلوی قدس سرہ قطب وقت اور شیخ الاحد گذرے ہیں۔ سنہ ۱۲۴۰ھ ہجری میں دنیا سے سفر فرمایا سلسلہ حضرت کا نقشبندیہ مجددیہ اس طرح پر ہے یعنی حضرت عبد اللہ شاہ غلام علی دہلوی قدس سرہ سجادہ نشین حضرت مرزا مظہر جان جانان دہلوی قدس سرہ کے کہ وفات حضرت مرزا صاحب قدس سرہ کی سنہ ۱۱۹۵ھ ہجری میں ہوئی مرزا صاحب مرید حضرت سید نور محمد بدایونی کے وہ مرید حضرت شیخ سیف الدین کے وہ مرید حضرت خواجہ محمد معصوم کے وہ مرید حضرت شیخ احمد مجدد الف ثانی کے وہ مرید حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ کے وہ مرید حضرت خواجہ محمد مکنکی کے وہ مرید حضرت مولانا درویش محمد کے وہ مرید حضرت مولانا زاہد ولی کے وہ مرید حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہ کے وہ مرید حضرت مولانا یعقوب چرخی کے وہ مرید حضرت خواجہ علاؤ الدین عطار کے وہ مرید حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہ کے وفات انکی ۷۹۱ھ میں ہوئی یہ مرید حضرت امیر کلال کے وہ مرید حضرت خواجہ بابا سماسی کے وہ مرید حضرت خواجہ عزیز علی رامیتنی کے وہ مرید حضرت محمود فغنوی کے وہ مرید حضرت محمد عارف ریوگری کے وہ مرید حضرت خواجہ عبد الخالق غجدوانی کے وہ مرید حضرت خواجہ ابو یوسف ہمدانی کے وہ مرید حضرت خواجہ ابو علی فارمدی کے وہ مرید حضرت خواجہ ابو الحسن خرقانی کے وہ مرید حضرت خواجہ بایزید بسطامی کے وہ مرید حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ کے وہ مرید حضرت قاسم بن محمد بن حضرت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے وہ مرید حضرت سلمان فارسی کے وہ مرید حضرت امیر المومنین اسد اللہ الغالب علی کرم اللہ وجہہ کے وہ مرید حضرت خاتم الانبیا والخلفا حضرت احمد مجتبی محمد مصطفے صلواۃ اللہ علیہ وسلم کے۔

اور سلسلہ مداریہ کہ اب وسے طبقاتیہ کہتے ہیں

اس طرح پر ہے یعنی حضرت عبد اللہ شاہ غلام علی دہلوی قدس سرہ مرید حضرت مرزا مظہر جان جانان کے وہ مرید حضرت شیخ محمد عابد کے وہ مرید حضرت شیخ عبد الاحد شاہ

شاہ گل کے وہ مرید حضرت خواجہ محمد سعید کے وہ مرید حضرت شیخ احمد مجدد الف ثانی سے کے وہ مرید حضرت شیخ عبد الاحد کے وہ مرید حضرت شیخ رکن الدین گنگوہی کے وہ مرید حضرت شیخ عبد القدوس گنگوہی کے وہ مرید حضرت شیخ درویش بن قاسم اودہی کے وہ مرید حضرت سید بڈھن بہرائچی کے وہ مرید حضرت سید اجمل بہرائچی کے وہ مرید حضرت شمس العارفین بدیع الدین قطب المدار قدس سرہ کے وہ مرید حضرت طیفور شامی بایزید بسطامی کے وہ مرید حضرت عین الدین شامی کے وہ مرید حضرت عبد اللہ علم بردار کے وہ مرید حضرت مشکل کشا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے۔

اور سلسلہ سہروردیہ اس طرح پر ہے

یعنے حضرت عبد اللہ شاہ غلام علی دہلوی مرید مرزا مظہر جان جاناں کے وہ مرید حضرت شیخ محمد عابد کے وہ مرید شیخ عبد الاحد معروف بشاہ گل کے وہ مرید خواجہ محمد سعید کے وہ مرید حضرت شیخ احمد مجدد الف ثانی قدس سرہ کے وہ مرید حضرت شیخ عبد الاحد کے وہ مرید حضرت شیخ رکن الدین گنگوہی کے وہ مرید حضرت شیخ عبد القدوس گنگوہی کے وہ مرید حضرت شیخ درویش بن قاسم اودہی کے وہ مرید حضرت سید بڈھن بہرائچی کے وہ مرید حضرت سید اجمل بہرائچی کے وہ مرید حضرت سید جلال الدین بخاری کے وہ مرید حضرت رکن الدین رکن عالم کے وہ مرید حضرت شیخ صدر الدین کے وہ مرید حضرت شیخ بہاؤ الدین زکریا ملتانی کے وہ مرید حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی کے۔

اور سلسلہ صابریہ حضرت غلام علیشاہ دہلوی کا اس طرح پر ہے

یعنے حضرت مرید مرزا مظہر جان جاناں دہلوی کے قدس سرہ العزیز وہ مرید حضرت سید نور محمد کے وہ مرید حضرت شیخ سیف الدین کے وہ مرید حضرت خواجہ محمد معصوم کے وہ مرید حضرت شیخ احمد مجدد الف ثانی کے وہ مرید حضرت مخدوم عبد الاحد کے وہ مرید حضرت شیخ رکن الدین گنگوہی کے وہ مرید حضرت شیخ عبد القدوس گنگوہی کے وہ مرید حضرت شیخ محمد عارف کے وہ مرید حضرت شیخ احمد ردولوی کے وہ مرید حضرت مخدوم جلال الدین

کبیر الاولیا پانی پتی کے وہ مرید حضرت شاہ ولایت ترک شمس الدین پانی پتی کے وہ مرید حضرت مخدوم الاولیا خواجہ علاؤ الدین علی احمد صابر قدس سرہ کے۔

اور سلسلہ نظامیہ حضرت عبد اللہ غلام علی شاہ دہلوی قدس سرہ کا اس طرح پر ہے

یعنے حضرت مرید مرزا مظہر جان جانان کے وہ مرید حضرت شیخ محمد عابد کے وہ مرید حضرت شیخ محمد عبد الاحد کے وہ مرید حضرت خواجہ محمد سعید کے وہ مرید حضرت مجدد الف ثانی کے وہ مرید حضرت شیخ عبد الاحد کے وہ مرید حضرت شیخ رکن الدین گنگوہی کے وہ مرید حضرت شیخ عبد القدوس گنگوہی کے وہ مرید حضرت درویش محمد بن قاسم اودہی کے وہ مرید حضرت شیخ سعد اللہ کے وہ مرید حضرت شیخ فتح اللہ کے وہ مرید حضرت شیخ صدر الدین طبیب کے وہ مرید حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیا کے۔

اور سلسلہ دوسرا نظامیہ اسطرح پر ہے

کہ حضرت غلام علی شاہ دہلوی قدس سرہ مرید حضرت مرزا جان جانان کے وہ مرید حضرت شیخ محمد عابد کے وہ مرید حضرت شیخ عبد الاحد کے وہ مرید حضرت خواجہ محمد سعید کے وہ مرید حضرت مجدد الف ثانی کے وہ مرید حضرت شیخ عبد الاحد کے وہ مرید حضرت شیخ رکن الدین گنگوہی کے وہ مرید حضرت شیخ عبد القدوس گنگوہی کے وہ مرید حضرت درویش محمد بن قاسم اودہی کے وہ مرید حضرت شیخ بن حلم اودہی کے وہ مرید حضرت سید صدر الدین اودہی کے وہ مرید حضرت سید محمد گیسو دراز دہلوی قدس سرہ کے وہ مرید حضرت مخدوم نصیر الدین چراغ دہلوی کے وہ مرید حضرت محبوب الٰہی سلطان المشائخ نظام الدین اولیا قدس سرہ کے

اور سلسلہ تیسرا نظامیہ اس طرح پر ہے

یعنے حضرت غلام علی شاہ دہلوی مرید مرزا مظہر جان جانان کے وہ مرید سید نور محمد کے وہ مرید شیخ سیف الدین کے وہ مرید خواجہ محمد معصوم کے وہ مرید حضرت مجدد الف ثانی کے وہ مرید شیخ عبد الاحد کے وہ مرید شیخ رکن الدین گنگوہی کے وہ مرید حضرت شیخ عبد القدوس گنگوہی کے وہ مرید شیخ درویش محمد دہلوی کے وہ مرید سید بڈھن بہرائچی کے

وہ مرید حضرت سید اجمل بہرائچی کے وہ مرید حضرت مخدوم جہانیان جہان گشت کے وہ مرید حضرت مخدوم نصیر الدین چراغ دہلوی قدس سرہ کے۔

اور سلسلہ قادریہ حضرت۔ غلام علی شاہ دہلوی قدس سرہ کا اس طرح پر ہے کہ حضرت غلام علی شاہ دہلوی قدس سرہ مرید خواجہ محمد سعید کے وہ مرید حضرت مجدد الف ثانی کے وہ مرید مخدوم عبد الاحد کے وہ مرید خواجہ محمد سعید کے وہ مرید حضرت شیخ عبد القدوس گنگوہی کے وہ مرید حضرت ابراہیم حسنی کے وہ مرید حضرت احمد حلبی کے وہ مرید حضرت شاہ موسیٰ کے وہ مرید حضرت عبد القادر کے وہ مرید حضرت محمد حسن کے وہ مرید حضرت ابو نصر کے وہ مرید ابو صالح کے وہ مرید حضرت قطب ربانی محبوب سبحانی سید عبد القادر گیلانی قدس سرہ کے

اور دوسرا سلسلہ قادریہ حضرت غلام علیشاہ دہلوی قدس سرہ کا اس طرح پر ہے

کہ حضرت مرید مرزا جان جانان کے وہ مرید شیخ محمد عابد کے وہ مرید حضرت عبد الاحد کے وہ مرید حضرت خواجہ محمد سعید کے وہ مرید حضرت مجدد الف ثانی کے وہ مرید حضرت شاہ سکندر کے وہ مرید حضرت سید شاہ کمال کیتھلی کے وہ مرید حضرت سید شاہ فضیل کے وہ مرید حضرت سید گدا رحمن ثانی کے وہ مرید سید شمس الدین عارف کے وہ مرید حضرت سید ابو الفضل کے وہ مرید سید گدا رحمن اول کے وہ مرید حضرت سید شمس الدین صحرائی کے وہ مرید سید عقیل کے وہ مرید سید بہاؤ الدین کے وہ مرید حضرت سید عبد الوہاب کے وہ مرید حضرت شرف الدین قتال کے وہ مرید حضرت سید الآفاق سید عبد الرزاق کے وہ مرید حضرت پیران پیر دستگیر سید محی الدین عبد القادر جیلانی قدس اللہ سرہ کے تھے۔

اور سلسلہ قلندریہ حضرت غلام علی شاہ دہلوی کا اس طرح پر ہے

یعنے حضرت مرید مرزا جان جانان کے وہ مرید شیخ محمد عابد کے وہ مرید شیخ عبد الاحد کے وہ مرید شیخ رکن الدین گنگوہی کے وہ مرید شیخ عبد القدوس گنگوہی کے وہ مرید شیخ عبد السلام شاہ علی کے وہ مرید شاہ محمد بن قطب الدین جونپوری کے وہ مرید حضرت قطب الدین بنیا دل کے وہ مرید سید نجم الدین قلندر کے وہ مرید سید خضر

رومی کے وہ مرید حضرت عبد العزیز مکی کے اور سلسلہ صابریہ مجددیہ شاہ عبد القدوس تا حضرت مخدوم علی احمد صابر صاحب شجرۂ راقم مین دیکھئے حضرت غلام علی شاہ صاحب دہلوی نور اللہ مرقدہ سے ہزارون آدمی فیضیاب ہوے اور بہتون کو خرقہ خلافت عطا فرمایا اونمین سے ایک تو افضل الفضلا عمدۃ الفقرا حافظ کلام ربانی حاجی حرمین شریفین مولانا محمد حسین کیرانوی نقشبندی مجددی قدس سرہ شاگرد رشید حضرت مولانا شاہ عبد العزیز دہلوی قدس سرہ العزیز کے کہ بتاریخ ۲۰ محرم الحرام ۱۳۱۸ھ ہجری مین وفات پائی مزار قصبۂ کیرانہ ضلع مظفرنگر مین مشہور بباغ قاضی جوار درگاہ حضرت امام صاحب مین فقیر کا تیار کرایا ہوا موجود ہے۔

یہ فقیر کاتب الحروف احمد اختر بھی اون کے فیضان ظاہری اور باطنی سے مشرف ہوکر سلسلہاے مرقوم الصدر مین اجازت یافتہ ہے مگر یہ اون کی عنایت کا سبب تھا ورنہ یہ فقیر حقیر گناہگار فقید الاستعداد اس لائق تھا نہ اب ہے۔

اور خلیفہ حضرت شاہ غلام علیشاہ دہلوی قدس سرہ کے **حضرت شاہ ابو سعید صاحب** قدس سرہ سجادہ نشین حضرت کے نہایت بزرگ گذرے ہین آپ کے بعد حضرت شاہ احمد سعید صاحب سجادہ نشین ہوے اور آپ کے بعد سجادہ نشین اور مرید آپ کے حضرت مولانا مولوی **ولی النبی** صاحب **سلمہ اللہ الولی القوی** اب موجود ہین یہ حضرت بھی فی زمانا وحید العصر ہین۔ آپ کی ذات بابرکات سے بھی ہزارون آدمی فیضیاب ہین

اور سلسلہ مین حضرت شاہ عبد العزیز صاحب دہلوی کا سلسلہ نقشبندیہ

اس طرح ملتا ہے۔ کہ حضرت مرید اپنے والد حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی کے وہ مرید مولانا شاہ عبد الرحیم قدس سرہ کے وہ مرید سید عبد اللہ کے وہ مرید سید آدم بنوی کے وہ مرید شیخ احمد سرہندی کے وہ مرید حضرت خواجہ باقی باللہ دہلوی قدس سرہ العزیز کے

اور سلسلہ قادریہ مولانا ممدوح کا اس طرح پر ہے

یعنی حضرت مجدد حضرت شیخ احمد سرہندی قدس سرہ کے وہ مرید حضرت شیخ عبد الاحد کے وہ مرید

شیخ المشایخ حضرت شاہ کمال سے کے وہ مرید حضرت سید فضیل کے وہ مرید حضرت سید شمس الدین صحرائی کے وہ مرید حضرت سید عقیل سے کے وہ مرید سید بہاؤالدین کے وہ مرید حضرت سید عبدالوہاب سے کے وہ مرید حضرت شرف الدین قتال کے وہ مرید حضرت سید نساؔئی حضرت سید عبدالرزاق سے کے وہ مرید حضرت پیران پیر دستگیر قدس اللہ سرہ کے

گروہ ابوالعلائی حضرت سید امیر ابوالعلا نقشبندی اکبرآبادی قدس سرہ سے جاری ہوا

کہ کامل وقت گذرے ہین بروز دوشنبہ بتاریخ ۹ - ماہ صفر ۱۰۶۱ہجری مین وفات ہوئی مزار اکبرآباد مین ہے اس گروہ مین حضرت شیخ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور خواجہ ابوالبرکات بھی اچھے شخص گذرے ہین۔

سلسلہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ کا اس طرح پر ہے یعنے حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی مرید شیخ عبدالرحیم دہلوی سے کے وہ مرید حضرت ابوالقاسم سے کے وہ مرید ملا ولی محمد کے وہ مرید حضرت سید ابوالعلا اکبرآبادی قدس سرہ سے کے وہ مرید حضرت خواجہ امیر عبداللہ قدس سرہ کے وہ مرید خواجہ یحیی سے کے وہ مرید خواجہ عبدالحق سے کے وہ مرید خواجہ احرار سے کے وہ مرید مولانا یعقوب چرخی سے کے وہ مرید خواجہ علاءالدین عطار سے کے وہ مرید خواجہ بہاؤالدین نقشبند سے کے۔

اور سلسلہ خواجہ ابوالبرکات کا یہ ہے

یعنے حضرت خواجہ ابوالبرکات مرید خواجہ رکن الدین سے کے وہ مرید خواجہ برہان الدین کے وہ مرید خواجہ فرہادالدین سے کے وہ مرید خواجہ محمد دوست سے کے وہ مرید حضرت شمس العارفین قدوۃ السالکین حضرت سید ابوالعلی اکبرآبادی قدس سرہ سے کے۔

بعضے فقیر نقشبندیہ جو گدائی کرتے ہین اون کا یہ طریق ہے کہ وقت شب چراغ روشن ہاتھ مین لیکر مناقب پڑہتے ہین اور کوچہ و بازار مین گشت کرتے ہین۔ فائدہ ہر ایک خاندان سے جو فقیر گدائی کرتے ہین وہ بیاہ شادی بھی اونہی لوگون مین کرتے ہین کہ جو فقیر گدائی کرتے ہین۔

ایک نیا گروہ عارف شاہی کے نام سے مشہور ہوا ہے۔

اس گروہ میں بھی بہت سے لوگ شامل ہیں۔ یہ فقیر ضلع میرٹھ اور مظفر نگر اور بجنور میں بکثرت ہیں کہتے ہیں کہ سید عارف شاہ اثنا عشری ساکن موضع سہنس پور ضلع بجنور کے تھے اونھون نے پہلے تو مسلمان جوگیون کو مونڈا جوگیون کی کیفیت دوسرے حصے میں درج ہے۔ بعد میں اور لوگ بھی شامل ہوئے مگر یہ نہیں معلوم ہوا کہ عارف شاہ کو خرقہ درویشی کس خاندان سے پہونچا۔ اور کیونکر یہ کسی فقیر کے قایل ہوئے۔ اور جو فقیر اس گروہ کے ملتے ہیں وہ سلسلہ اپنا سید عارف شاہ تک ملاتے ہیں۔ آگے لاعلمی بیان کرتے ہیں۔ قبراون کی درگاہ علی جی نواح دہلی میں ہے۔ وہان کے لوگ اوسے چٹے مٹے والے کی درگاہ کہتے ہیں۔

تمت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شجرۂ نظامیہ فقیر مؤلف کتاب ہذا

اوّل حضرت محمد مصطفےٰ صلواۃ اللہ علیہ السلام وفات روز دوشنبہ ۱۲ ربیع الاول سنہ ۱۱ ہجری مدفن مدینہ منورہ میں حجرۂ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا۔ آپ کے خلیفہ یہ ہیں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ حضرت عمرؓ فاروق حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ حضرت امیر المومنین علی مرتضےٰ کرم اللہ وجہہ حضرت طلحہ قدس سرہ حضرت زبیر قدس سرہ حضرت ابو عبیدہ بن الجراح حضرت سعد بن ابی وقاص حضرت سعید حضرت عبدالرحمٰن بن عوف۔

(۲) حضرت امیر المومنین علی مرتضےٰ کرم اللہ وجہہ وفات بروز دوشنبہ ۲۱۔ رمضان سنہ ۴۰ ہجری مدفن نجف اشرف میں آپ کے خلیفہ یہ ہیں۔

حضرت امام حسن رضی اللہ تعالی عنہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالے عنہ حضرت خواجہ حسن بصری حضرت خواجہ کمیل بن زیاد حضرت سلمان فارسی حضرت ید اللہ فی قلندر

خواجہ اویس قرنی و قاضی ابو المقدم شیخ و یمین الدین شامی۔
(۳) حضرت خواجہ حسن البصری قدس سرہ وفات روز جمعہ ۴ ماہ محرم سنہ ۱۲ھ مزار بصرہ میں ہے آپ کے خلیفہ یہ ہیں۔
خواجہ عبد الواحد خواجہ حبیب عجمی و شیخ عتبہ و شیخ محمد واسع و رابع بصری و ابن زین
(۴) حضرت خواجہ عبد الواحد بن زید قدس سرہ تاریخ وفات ۲۷ ماہ صفر سنہ یا سنہ ہجری مزار البصرہ میں
(۵) حضرت خواجہ فضیل بن عیاض قدس سرہ وفات روز جمعہ ۱۴-۱۴-۲۷ ربیع الاول یا محرم سنہ ۱۸۷ ہجری مدفن مکہ معظمہ میں خلفاء آپ کے یہ ہیں۔
سلطان ابراہیم بن ادھم بلخی شیخ محمد شیرازی۔ خواجہ بشر حافی شیخ ابی رجا عطار خواجہ عبد اللہ سیاری۔
(۶) حضرت سلطان ابراہیم بلخی وفات شب جمعہ ۲۸ یا ۲۶ جمادی الاول یا عشرہ شوال سنہ ۲۶۳ھ مدفن ملک شام قریب مزار لوط علیہ السلام۔ خلفاء آپ کے یہ ہیں۔
خواجہ حذیفہ مرعشی۔ خواجہ شقیق بلخی قدس اللہ اسرارہما۔
(۷) حضرت خواجہ حذیفۃ المرعشی ۱۴ یا ۲۴ ماہ شوال سنہ ۲۷۶ یا ۲۵۲۔
خلیفہ آپ کے خواجہ ہبیرۃ البصری۔
(۸) حضرت خواجہ ہبیرۃ البصری وفات ۷ یا ۱۸ ماہ شوال سنہ ۲۸۷ ہجری مزار البصرہ میں خلیفہ آپ کے خواجہ ممشاد علو دینوری۔
(۹) حضرت خواجہ ممشاد علو دینوری وفات ۱۳ یا ۱۴ المحرم سنہ ۲۹۸ یا ۲۹۹ مزار قصبہ دینور میں خلیفہ آپ کے یہ ہیں خواجہ ابو احمد بغدادی و خواجہ ابو محمد خواجہ ابو اسحاق و خواجہ اسود احمد دینوری۔
(۱۰) خواجہ ابو اسحاق چشتی تاریخ وفات ۱۴ ربیع الثانی سنہ ۳۲۹ مدفن شہر عکہ بلاد شام خلیفہ آپ کے خواجہ ابو احمد بغدادی و خواجہ ابو محمد خواجہ تاج الدین و خواجہ ابو یوسف خواجہ مودود و خواجہ حاجی۔

(۱۱) خواجہ ابو احمد ابدال چشتی تاریخ وفات غرہ یا یکم جمادی الآخر سنہ ۳۵۵ مزار قصبہ چشت مین خلیفہ آپکے یہ ہین خواجہ ابو محمد پسر حضرت وخواجہ محمد خدا بندہ۔

(۱۲) خواجہ محمد چشتی ۱۴ رجب سنہ ۴۱۱ یا ۴۲۱ مزار قصبہ چشت مین خلیفہ آپکے خواجہ ابو یوسف چشتی

(۱۳) خواجہ ابو یوسف چشتی ۳ یا ۲۶ رجب سنہ ۴۵۹ مزار قصبہ چشت مین خلیفہ آپ کے خواجہ مودود چشتی وخواجہ عبد اللہ انصاری۔

(۱۴) مودود چشتی غرہ رجب سنہ ۵۲۷ یا ۵۲۱ مزار قصبہ چشت مین خلیفہ آپ کے یہ ہین خواجہ ابی احمد بن حضرت وحاجی شریف زندنی وشاہ سلیمان وخواجہ عثمان ہارونی قدس سرہ وخواجہ ابو الحسن خرقانی وخواجہ شیخ حسن تتبی وخواجہ احمد بدرون وابو نصر شکیبان زاہد خواجہ سبز پوش۔

(۱۵) خواجہ حاجی شریف زندنی وفات ۳ یا ۱۰ رجب سنہ ۶۱۲ یا ۶۲۲ مزار زندنہ علاقہ بخارا مین خلیفہ آپ کے یہ ہین۔

خواجہ عثمان ہارونی کہ طریق کلاہ چارتر کی حضرت ہی سے جاری ہوا ہے۔

(۱۶) خواجہ عثمان ہارونی وفات ۶ ماہ شوال سنہ ۶۰۳ یا ۶۱۷ مزار مکہ معظمہ آپکے خلیفہ یہ ہین خواجہ معین الدین حسن سنجری چشتی وخواجہ نجم الدین صغری وخواجہ شیخ سعد متکوی خواجہ محمد ترک۔

(۱۷) خواجہ معین الدین چشتی وفات روز دوشنبہ ۶ ماہ رجب سنہ ۶۳۲ یا ۶۳۳ مزار شریف اجمیر مین ہے خلفاء آپ کے یہ ہین۔

خواجہ قطب الدین بختیار کاکی وخواجہ فخر الدین وشیخ حمید الدین صوفی وشیخ برہان الدین وشیخ احمد وشیخ محسن وخواجہ سلیمان غازی وشیخ شمس الدین وخواجہ حسن خیاط وشیخ صدر الدین کرمانی وشیخ محمد ترک نارنولی وشیخ علی سنجری وخواجہ یادگار وشیخ وحید وسلطان مسعود غازی وپیر کریم سیلونی وشاہ عبد اللہ کرمانی وشیخ متاکاوبی بی حافظ وجیپال جوگی معروف عبد اللہ۔

(۱۸) خواجہ قطب الدین وفات روز دوشنبہ ۱۴ ربیع الاول سنہ ۶۳۴ یا ۶۳۳ مزار شریف

دہلی کھنہ مین مشہور ہے اور خلفائے کرام آپ کے یہ ہین۔
خواجہ فریدالدین گنج شکر و شیخ بدرالدین غزنوی و شیخ برہان الدین بلخی و شیخ ضیاء الدین رومی و سلطان شمس الدین التمش بادشاہ دہلی و شیخ حسین و شیخ فرنخ و شیخ احمد نہاجی و شیخ بابا سنجری بحر درو مولانا فخر الدین حلوائی و شیخ بدرالدین موئے تاب و شاہ حضرت قلندر و شاہ ابوالقاسم تبریزی و شیخ نظام الدین ابوالمؤید و مولانا برہان الدین و شیخ سعدالدین و شیخ محمد سلطان و نصیر الدین غنازی و مولانا محمد عاجزی و شیخ محمود بہاری و شیخ سعدالدین و شیخ نجم الدین قلندر و شیخ سراج الدین موکتاب

(۱۹) حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکر وفات روز سہ شنبہ ۵ محرم ۶۶۴ھ یا ۶۹ مزار شریف پاک پٹن مین خلیفہ آپ کے یہ ہین۔
سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین و خواجہ علی احمد صابر و جمال الدین ہانسوی و بدرالدین سلیمان و شہاب گنج عالم و نظام الدین یعقوب و شیخ نصیر الدین پسران حضرت بدرالدین اسحاق غزنوی و شیخ وہارو و شیخ دہنی و نجم الدین دمشقی و شیخ شکر ریز و شیخ علی شکر باران و شیخ یوسف و برہان الدین ہانسوئے و شیخ محمد شاہ غزنوی و مولانا محمد ملیانی و مولانا علی بہار و برہان الدین غریب سید محمد رکن الدین و شیخ جلال الدین و شیخ داؤد پالہی و شیخ صدر دیوانہ ذکریا سندھی و شیخ عارف سیستانی و شیخ نجم الدین متوکل برادر حضرت و شیخ جمال عاشق و منتخب الدین۔

(۲۰) خواجہ حضرت نظام الدین وفات روز چہار شنبہ ۲۸ ربیع الآخر ۷۲۵ھ مزار شریف نواح دہلی مین معروف بہ بستی درگاہ حضرت نظام الدین ہے۔ خلیفہ آپ کے یہ ہین شیخ نصیر الدین محمود چراغ دہلی و شیخ سراج الدین عثمانی و شیخ قطب الدین منور و شیخ حسام الدین ملتانی و امیر خسرو دہلوی و شیخ برہان الدین غریب و مولانا جمال الدین نصرت خانی و مولانا فخر الدین و مولانا ابوبکر منڈوی و مولانا فخر الدین مروزی و مولانا علم الدین نیلی و مولانا وجیہ الدین یوسف و مولانا شہاب الدین امام و مولانا شیخ محمد و مولانا وجیہ الدین پائلی و قاضی محی الدین کاشانی و مولانا فصیح الدین و مولانا شمس الدین یحییٰ

وخواجہ کریم الدین سمرقندی وشیخ جلال الدین اودہی ومولانا جمال الدین وقاضی شرف الدین
ومولانا کمال الدین یعقوب ومولانا بہاء الدین وشیخ مبارک وخواجہ معز الدین وخواجہ
ضیاء الدین برنی وشیخ تاج الدین داوری ومولانا مؤید الدین انصاری وخواجہ شمس الدین
ہمشیرہ زادہ خسرو و نظام الدین تبریزی وخواجہ سالار وشیخ فخر الدین میرٹھی وشیخ علاء الدین
اندپتی وشیخ شہاب الدین کنتوری ومولانا حجۃ الدین ملتانی وشیخ بدر الدین محبوب
وشیخ شمس الدین دہاری وخواجہ یوسف بدایونی وشیخ لطیف الدین وشیخ
نجم الدین وحاجی احمد بدایونی وعبد الرحمن سارنگ پوری وشیخ رکن الدین جینبری
وشیخ بدر الدین قوار وشیخ سراج الدین حافظ وقاضی شاد علی ومولانا قوام الدین یکہ تنہ
ومولانا برہان الدین ساوری ومولانا جمال الدین اودہی وشیخ نظام الدین مولے
وخواجہ تقی الدین خواہر زادہ حضرت وقاضی عبد الکریم قدونی وسید محمد کرمانی وقاضے
قوام الدین قدوری ومولانا علی شاہ جاندار وسید یوسف حسنی وحمید شاعر قلندر و
امیر حسن علائی سنجری وقاضی فخر الدین بجنوری۔

(۲۱) حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلی وفات شب جمعہ ۱۸۔ ویا ۱۳۔ رمضان المبارک
۷۵۷ھ مزار حضرت نواح دہلی میں مشہور ہے۔ درگاہ چراغ دہلی کو شہر سے سات کوس ہے
اور آپ کے خلیفہ یہ ہے۔
سید محمد گیسو دراز وخواجہ کمال الدین میر سید محمود ملک زادہ احمد ومولانا معین الدین
عمرانی ومیر سید علاؤ الدین برادر زادہ مخدوم جلال ترک جہانیان جہان گشت وشیخ
یوسف صاحب تحفۃ النصائح ومحمود وجیہ ادیب وسید علاؤ الدین کنتوری وقاضے
